

ہمارا بلوچستان

ش ضحیٰ

ہمارا بلوچستان

ش۔ ضحیٰ

جملہ حقوق بحق سید شوکت ضحیٰ خلف اکبر ش۔ ضحیٰ محفوظ ہیں

مرتبہ	:	کامل القادری
ناشر	:	سید فصیح اقبال
طابع	:	انجمن پریس - کراچی
کتابت	:	شمس الحق
تزئین	:	محمد اشفاق
تعداد	:	ایک ہزار
پہلی بار	:	اکتوبر ۱۹۷۲ء

بولان بک کارپوریشن

جناح روڈ ——— کوئٹہ

سعید چیمبرز ، ناظم آباد - کراچی

قیمت : تین روپے

نجم الہدیٰ

ترتیب

اُبھرتا سورج	۵
ش۔ ضحیٰ	۱۰
ہمارا بلوچستان	۱۳
بلوچستان کے باشندے	۲۸
بلوچستان قدیم کی جھلک	۴۶
بلوچستان کی ہیئتی حیثیت	۶۱
حصہ منظومات	۸۹
سانیٹ	۱۱۰

کامل القادری

اُبھرتا سورج

اربابِ علم و دانش کو یہ احساس کہاں ہوا کہ ۱۳ر جنوری ۱۹۶۹ء کی سولہ شب میں کس نے اپنا چہرہ چھپا لیا! نصف النہار تک پہنچنے سے پہلے کیسا سورج ڈوب گیا!! اغبار آلود مطلعِ علم و ادب سے گزر کر آگے جانے والی نگاہیں کمیاب تھیں اور وہ ایک اُبھرتا سورج تھا ——— شمس الضحیٰ! کبھی کبھی رسائل و جرائد میں اس کی تخلیق و تحقیق کی کچھ ضوفشاں جھلکیاں تو سامنے آئیں اور دیکھنے والی نگاہوں کو یہ اندازہ ہوا کہ کتنا کشیدہ قامت تھا لیکن اس کی علمی و ادبی شخصیت اور اس کے مرتبہ و مقام کا تعین چند جھلکیوں سے ممکن بھی نہ تھا، اس کے کلام کے پانچ سات مجموعے (جو اپنی زندگی میں وہ مرتب کر گیا ہے) اور بلوچستان پر اس کی بیش بہا تحقیقات اور تفسیریں وہ خطوط جو اس کے شوقِ انشا پردازی کی یادگار ہیں، اور

شمس الضحیٰ - گورنمنٹ کالج کوئٹہ کے منعقدہ جشنِ اقبال میں وزیرِ تعلیم فضل الرحمٰن کے ساتھ

ساتھ ہی دوسرے علمی و ادبی مضامین نظم و نثر اسی ابھرتے سورج کی وہ کرنیں ہیں جو سامنے نہ آسکیں۔

ش۔ ضحیٰ شاعر بھی تھے، ادیب بھی اور محقق بھی اور برصغیر و پاک میں وہ گمنام بھی نہ تھے، ان کی شاعری میں جو تازگی، غنائیت، تخیّل کو تمثال بنا دینے کی کیفیت اور روحِ عصر کی تھرتھری پائی جاتی ہے، اس کی مثالیں قدیم و جدید دبستانِ شاعری میں اگر نایاب نہیں تو کمیاب ضرور ہیں۔

اردو میں سانیٹ لکھنے میں پہل قاضی اختر میاں جوناگڑھی نے کی، پھر اختر شیرانی نے اس صنف کو حسن و خوبی سے اپنایا، ان کے نامور شاگرد راشد نے بھی ابتدا میں چند سانیٹ لکھے، بعض دوسرے شعراء نے بھی طبع آزمائی کی ہوگی، لیکن ش۔ ضحیٰ نے جب اسے اپنایا تو یہ کیفیت ہوگئی۔

آبگینہ تندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے

یہاں ہیئت فکر میں ڈھل گئی ہے۔ ہم اگر ش۔ ضحیٰ کی قومی شاعری، انشائی ادب، وضعِ اصطلاحات، تحقیقی مقالات اور تقریبیں سے آنکھیں چرا بھی لیں تو ان کے سانیٹ کا ایک مجموعہ ہی ان کو بقائے دوام بخشنے کیلئے کافی ہوگا۔

ش۔ ضحیٰ کو بلوچستان سے ایک والہانہ لگاؤ تھا۔ انہوں نے بلوچستان کی روح کو برافگندہ نقاب دیکھا تھا اور اس کے جلوہ ہائے رنگ رنگ کو اپنی شاعری میں سمویا تھا۔ پھر انہوں نے بلوچستان کی جغرافیائی سرگزشت اور اس کے پس منظر میں تاریخی عوامل پر محققانہ نظر ڈالی تھی۔ اور اس طرح

بلوچستان کی آواز بن گئے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ بیس بائیس برس پہلے بلوچستان کے بارے میں جب ان کے چند مضامین شائع ہوئے تو لوگ چونک اٹھے اور جب ان کے تحقیقی مقالے کی ایک فصل PYSIOGRAPHICAL PERSONALITY OF BALUCHISTAN پاکستان جوگرفیکل ریویو میں شائع ہوئی تو یورپ اور امریکہ کے محققوں میں بھی ان کا نام احترام کے ساتھ لیا جانے لگا اور اس مقالے کو ہارورڈ یونیورسٹی کے علاوہ یورپ اور امریکہ کی دوسری یونیورسٹیوں نے اپنے اہم مآخذ میں شمار کیا۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ اب بلوچستان کے سلسلے میں کوئی تحقیق ہوگی تو اس مقالے کی حیثیت قطب نما کی ہوگی۔

بلوچستان پر قدیم و جدید تمام مصنفین کی جتنی کتابیں شائع ہوچکی ہیں، راقم السطور نے سب کو بامعانِ نظر دیکھا ہے، اور یہ بات بلا خوفِ تردید کہی جاسکتی ہے کہ بلوچستان کی اصل روح تک پہنچنے میں ش۔ ضحیٰ کی کوششیں گزشتہ کئی صدیوں کی تحقیقی فہرست میں یکتا و یگانہ ہیں اور میں نے انہیں ابھرتا سورج محض نام کی رعایت سے نہیں بلکہ یوں بھی کہا ہے کہ اس کی کرنیں آئندہ بھی شاید صدیوں تک روشنی دکھاتی رہیں۔ ممکن ہے کہ اب اس گراں قدر تحقیقی کتاب کو منظرِ عام پر لانے کی سعادت جامعۂ بلوچستان کے حصے میں آئے۔

زیرِ نظر تالیف ش۔ ضحیٰ کے چار مضامین، نو نظموں اور دس سانیٹ پر مشتمل ہے۔ تین مضامین ——— "ہمارا بلوچستان"، "بلوچستان



ش۔ ضحیٰ
۱۹۲۴ء
۱۹۶۹ء

کے باشندے"، اور "بلوچستان قدیم کی ایک جھلک" کے عنوان سے "ماہِ نو" کراچی میں بیس سال پہلے شائع ہوتے تھے، جو آج بھی تازہ ہیں۔ چوتھا مقالہ

PHYSIOGRAPHICAL PERSONALITY OF BALUCHISTAN.

"پاکستان جاگریفیکل ریویو" لاہور میں شائع ہوا تھا۔ میں نے اس مقالے کا ترجمہ خود کرنا چاہا تھا لیکن یہ سعادت ش۔ ضحیٰ کے چھوٹے بھائی نجم ناظری کے حصّے میں آئی۔ انہوں نے اس اہم مقالے کا بڑا ستھرا ترجمہ کیا ہے۔ یہ انگریزی مقالہ تو قدرِ اوّل کی چیز ہے ہی، اہلِ نظر اس کے اردو ترجمے کو بھی اردو علمی سرمائے میں ایک بیش بہا اضافہ قرار دیں گے۔ یوں بھی درسی کتب کی تالیفات کے ماسوا جغرافیہ پر اردو میں دھرا ہی کیا ہے۔

اِن مضامین کے علاوہ اس تالیف میں نظم اور سانیٹ بھی شامل ہیں، مگر یہ ش۔ ضحیٰ کے کلام کا انتخاب نہیں، یہ ان چیزوں میں سے چند ہیں جو کوئٹے کے دورانِ قیام ان کے ذہنِ رسا پر نازل ہوئی تھیں اور اس تالیف کے مزاج کے مطابق ہیں۔ یہ کتاب ش۔ ضحیٰ کی علمی و ادبی شخصیت کا ایک پرتو ہے، ان کی پوری شخصیت ہمارے سامنے جب آئے گی کہ ان کی تمام تصانیف نظروں کے سامنے ہوں۔ اس کتاب کی اشاعت کا کوئی جواز نہیں، الّا۔

ترے فراق کے صدمے جو بڑھنے لگتے ہیں
نئے خیال، نئے دھیان گڑھنے لگتے ہیں

نجم ناظری

ش۔ ضحیٰ

۱۹۲۴ء - ۱۹۶۹ء

ش۔ ضحیٰ کا اصل نام شمس الضحیٰ تھا۔ ۲۰ر جولائی ۱۹۲۴ء کو، مظفر پور (بہار) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مظفر پور ضلع اسکول میں مکمل کی۔ ۱۹۴۰ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ضلع کے مسلمان طلباء میں اوّل آئے اور دو سالہ وظیفہ حاصل کیا۔

۱۹۴۰ء تا ۱۹۴۴ء پٹنہ کالج، پٹنہ یونیورسٹی میں زیر تعلیم رہے یہیں سے بی۔ اے پاس کیا۔ اسی سال جغرافیہ میں ام۔ اے کے لئے علیگڈھ چلے آئے۔ ۱۹۴۶ء میں ام۔ اے کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ہند جانے کی کوششیں تقسیم سے قبل کی ہنگامہ آرائیوں کی نذر ہوگئیں۔ قیام پاکستان سے چند ماہ قبل ہجرت کی اور کراچی آ گئے۔

یہاں سے چند ماہ بعد، ۱۹۴۷ء ہی میں، سینڈمن ہائی اسکول، کوئٹہ میں معلمی قبول کر لی اور کوئٹہ چلے آئے۔ یہی اسکول بعد میں گورنمنٹ کالج کوئٹہ، میں تبدیل ہوگیا۔ جہاں شعبۂ جغرافیہ کے سربراہ کی حیثیت سے ش۔ ضحیٰ ۱۹۵۴ء تک کام کرتے رہے۔

مگر بابائے اردو مولوی عبدالحق کی دعوت پر اردو کالج کراچی کی تدریسی خدمات کیلئے بہتر سرکاری ملازمت چھوڑکر ۱۹۵۴ء میں کراچی آگئے۔ بعدہٗ جامعہ کراچی کے شعبۂ جغرافیہ سے ۱۹۶۲ء تک منسلک رہے۔ اور جب جامعہ کراچی میں، شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ از سر نو منظم کیا گیا تو انہیں مدوگار ناظم کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ جنہیں تادم واپسیں بطریق احسن انجام دیتے رہے۔ ان کا انتقال ۱۳ر جنوری ۱۹۶۹ء کو کراچی میں ہوا۔

ش۔ ضحیٰ ایک اعلیٰ علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بہار کے مشہور بزرگ اور صوفی، شاہ شرف الدین یحییٰ منیری سے آپ کو جدی نسبت ہے۔ آپ کے اجداد میں کئی نام ایسے ہیں، جو اپنے اپنے تبحر علمی کی بدولت پہچانے گئے ہیں۔

شعر وشاعری سے آپ کی دلچسپی خاندانی ورثہ ہے۔ لیکن آپ کے والد سید محمد مجتبیٰ، اپنی قانونی اور سیاسی مصروفیات کے باوجود، ش۔ ضحیٰ کی ادبی نشوونما کے اصل معمار ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ ابتدا میں اپنے چھوٹے چچا نسیم ندوی (مرحوم) کے کلام سے متاثر ہوتے۔ پھر مولوی خورشید الحسن مرحوم (والدگرامی علامہ جمیل مظہری) کی قربت نے جلادی۔ انگریزی ادب کے مطالعے نے غزل سے نظم کی جانب متوجہ کردیا۔ ش۔ ضحیٰ نے اپنی نظموں میں کئی تکنیکی تجربے کئے۔ اور وہ اس میں کامیاب رہے۔ انہوں نے کئی سو نظمیں لکھیں جن میں "سانیٹ" شامل ہیں۔

اپنی طالب علمی کے دوران، جب ش۔ ضحیٰ انگریزی آنرز کے

طالب علم تھے، پروفیسر کلیم الدین احمد، اور پروفیسر فضل الرحمٰن نے انہیں بے حد متاثر کیا۔ علیگڑھ کے قیام کے دوران، جغرافیہ کے نامور اساتذہ ڈاکٹر قاضی سعید الدین احمد اور ڈاکٹر مظفر احمد (بھارت) نے ان کی رہنمائی کی۔

ش۔ ضحیٰ اردو اور انگریزی کے علاوہ فارسی، عربی اور ترکی بھی جانتے تھے۔ جس نے ان کے لئے ادبی اور دیگر علمی ماخذ کے مطالعے کو آسان بنادیا۔ جغرافیہ، اردو اور انگریزی ادب کے علاوہ، نفسیات، تاریخ، فلسفہ اور لسانیات ان کے محبوب مضامین تھے۔ دفتری ذمہ داریوں کے تحت ان کا علمی تعلق جملہ چوبیس مضامین سے تھا جن کی تدریس جامعہ کراچی میں ہوتی ہے۔

ش۔ ضحیٰ عملی سیاست سے ہمیشہ دور رہے مگر مسلمانان ہند کی سیاسی جدوجہد سے بے حد متاثر ہوتے۔ ان کی بے شمار نظمیں ان کے ان تاثرات کی باعث "دو آتشہ" بن گئی ہیں۔

ش۔ ضحیٰ نے بلوچستان کو اپنا گھر بنالیا تھا۔ اور اسی احساس نے انہیں بلوچستان پر مفصل تحقیقی کام کیلئے اکسایا۔ ان کا تحقیقی مقالہ ابھی غیر مطبوعہ ہے۔

انہوں نے اپنی مختصر زندگی کو، اپنے نازک احساسات، انتھک محنت، اور وسیع مطالعہ سے "نقشِ دوام" بنانے کی بھرپور کوشش کی۔

ہمارا بلوچستان

اگر آپ کراچی سے مغرب کی سمت بحر عرب کے کنارے کنارے چلنا شروع کردیں تو تقریباً پانچ سو میل بعد آپ پاکستان کے آخری ساحلی مقام "گوتر" پہنچ جائیں گے۔ یہاں سے شمال کی جانب مڑ جایئے تو آپ کے دائیں بلوچستان اور بائیں ایران ہوگا۔ پہلے دائیں طرف ایک قوس بناتے ہوئے کوئی دو سو میل تک چلے جایئے۔ پھر سیدھے چلتے ہوئے قریباً سوا سو میل کا فاصلہ اور طے کیجئے۔ اس کے بعد بائیں طرف گھوم کر چلنے سے آپ کوہ مالک سیاہ پہنچ جائیں گے۔ اس طرح آپ جو خط بنائیں گے وہ بلوچستان کی مغربی سرحد کا خط ہوگا جس کی مجموعی لمبائی ۵۲۰ میل ہوگی۔ اب اگر آپ مشرق کی سمت مڑ جائیں تو ریگستانوں، وادیوں اور کوہساروں کو عبور کرکے قریباً ساڑھے سات سو میل بعد کوہ سلیمان کے شمالی سرے پر، کجوری کچھ پہنچ جائیں گے۔ جو دریائے گومل کے کنارے واقع ہے۔ یہ ہے بلوچستان کی شمالی سرحد۔ اس کو دو غیر مساوی حصوں میں تقسیم کر دیجئے۔ پہلا حصہ سوا سات سو

میل مشرق کی جانب، دو منڈی سے کجوری کچ تک بلوچستان کو صوبہ سرحد سے جدا کرے گا۔

کجوری کچ سے جنوب کا رُخ کیجیے۔ کوہ سلیمان کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے قریباً ساڑھے تین سو میل کے بعد آپ جیکب آباد کے قریب پہنچ جائیں گے۔ کوئی چالیس میل کا فاصلہ اور طے کر کے کوہ کیرتھر کے ساتھ ساتھ چلنا شروع کر دیجیے تو دو سو میل کے بعد آپ راس مونزے میں بحرِ عرب کی موجوں کو چھو لیں گے۔

جنوب، مغرب، شمال اور مشرق کی ان سرحدی خطوط میں جو سرزمین گھرے گی۔ وہ ہمارا بلوچستان ہوگا۔ اس وسیع وعریض علاقے کے تین جزو ہیں۔ ایک وہ جو تقسیم ہند سے پہلے "برطانوی بلوچستان" کہلاتا تھا۔ اس کا رقبہ ۹،۴۷۶ مربع میل ہے۔ دوسرا "ایجنسی مقبوضات" کہلاتا تھا۔ اس کا رقبہ ۴۴،۳۴۵ مربع میل ہے۔ تیسرے میں بلوچستان کی ریاستیں یعنی قلات، خاران، مکران۔ اور لاس بیلہ شامل ہیں۔ جن کا مجموعی رقبہ ۷۸،۰۳۴ مربع میل ہے۔ ان سب کو ملا کر بلوچستان کا کل رقبہ ۱۳۱،۰۵۵ مربع میل ہوتا ہے۔ مغربی پاکستان کے تمام صوبوں اور ریاستوں کا مجموعی رقبہ تین لاکھ ساڑھے تین ہزار مربع میل ہے۔ اس کا مقابلہ بلوچستان کے رقبہ سے کیجیے تو معلوم ہوگا کہ بلوچستان، مغربی پاکستان کا ۴۳ فی صدی ہے اور پورے پاکستان کا کم وبیش ۳۶ فی صدی! یا یوں سمجھئے کہ ہمارے پاکستان

کا یہ واحد خطہ رقبے میں جزائر برطانیہ سے بھی زیادہ ہے۔

مغربی پاکستان میں چار صوبے اور متعدد ریاستیں شامل ہیں۔ لیکن قدرتی لحاظ سے اس کے صرف دو حصے ہیں۔ ایک پنجاب اور سندھ کا دریائی میدان اور دوسرا شمال مغرب کا کوہستانی علاقہ۔ یہ دوسرا علاقہ درحقیقت جنوبی مغربی ایشیا کی اس عظیم الشان سطح مرتفع کا ایک جزو ہے جسے "ایرانی پلیٹو" کہتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں پامیر سے بحرِ عرب کے ساحل تک اور سلیمان و کیرتھر سے لے کر آرمینیا تک کی ساری سرزمین ایک مستقل وحدت ہے۔ اس کے جنوب مغرب میں دجلہ اور فرات اور مشرق میں سندھ کی وادی ہے۔ یہ وادیاں یوں تو الگ الگ ہیں لیکن ان میں ایک بات مشترک بھی ہے۔ یہ دونوں وادیاں انسانی تاریخ، تہذیب اور تمدن کا گہوارہ رہ چکی ہیں۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ یہ دونوں وادیاں ایک ہی تہذیب کے دو ہم عہد رُخ پیش کرتی ہیں۔ بعید شمال میں ترکستان کا نشیبی میدان بھی ایک تاریخی اور تہذیبی گہوارہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

ان امور کی روشنی میں بلوچستان پر نظر ڈالئے تو اس کی اہمیت خود بخود واضح ہو جائے گی۔ یہ علاقہ تاریخ اور تہذیب کے مختلف گہواروں کے درمیان کچھ اس طرح واقع ہے کہ خود بھی ایک گہوارہ بن گیا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ بلوچستان ایک گہوارے کو دوسرے سے ملا بھی دیتا ہے۔ اس ملاپ کے لئے درۂ بولان درۂ مولا اور مکران کا ساحل دروازوں اور راستوں

کاکام دیتے ہیں ان راہوں سے قدیم مقدونی۔ ایرانی۔ عرب۔ غزنوی۔ غوری منگولی اور درانی گذرے ہیں۔ وادیٔ سندھ سے اُٹھنے والی تاریخی موجوں نے بھی بلوچستان کو اپنی رہگذر بنایا ہے۔ غرض ہمارا یہ مغربی صوبہ ایشیا کی تاریخ اور تہذیب کا ایک عظیم سنگم ہے اور مستقبل میں بھی ایسا ہی رہے گا۔ آیئے ہم اس کے قدرتی خدوخال کا جائزہ لیں۔

شمال مشرق میں دریائے گومل سے لے کر ڈھائی سو میل جنوب تک شانہ بشانہ کئی پہاڑی سلسلے ملتے ہیں جنہیں مجموعی طور پر کوہِ سلیمان کہا جاتا ہے۔ اس کی اوسط بلندی چھ سات ہزار فٹ ہوگی لیکن اس کی سب سے اونچی چوٹی "تخت سلیمان" گیارہ ہزار فٹ ہے۔ جو بلوچستان کے عین شمال مشرق میں ہے۔ آس پاس کی تمام بلندیوں پر چلغوزے اور زیتون کے گھنے جنگل پائے جاتے ہیں۔ کوہِ سلیمان کو ایک فلک بوس اور آہنی فصیل سمجھئے جسے عبور کرنا دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ آمد و رفت اور رسل و رسائل کے لئے چند درے ضرور ہیں لیکن ہر درہ اتنا تنگ اور پرپیچ ہے کہ اس سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جاسکتا۔ موسم سرما میں کوہ سلیمان کی بلندیوں پر برف کی موٹی تہہ جمی رہتی ہے۔ بہار شروع ہوتے ہی یہ برف پگھلتی ہے تو ندی نالوں میں طغیانی آجاتی ہے۔ یہ ندی نالے کوہِ سلیمان کے دروں اور وادیوں سے گذرتے ہیں اور طغیانی کی حالت میں ان کا دھارا اتنا تیز ہوتا ہے کہ بڑی سے بڑی چٹانیں بھی آن کی آن میں بہہ جاتی ہیں۔

جہاں کوہِ سلیمان کا سلسلہ ختم ہوتا ہے وہاں سے کچھ مغرب کی طرف ہٹ کر ایک دوسرا سلسلہ شروع ہوتا ہے جسے کرتھار یا کیرتھر کہتے ہیں کراچی کے مغربی مضافات میں جو پست پست پہاڑ نظر آتے ہیں وہ اسی کی اِدھر اُدھر مڑی ہوئی شاخیں ہیں۔ اس کا سلسلہ راس مونزے یا راس مواری تک چلا گیا ہے۔ اس کی لمبائی قریباً دو سو میل اور چوڑائی ساٹھ میل ہے۔ اور بلندی کوہ سلیمان سے بہت کم ہے۔ اس کی بلند ترین چوٹی "زردق" ساڑھے سات ہزار فٹ ہے۔ ایک اور چوٹی جس کا عجیب و غریب نام "کتے کی قبر" ہے۔ سات ہزار فٹ بلند ہے۔ کیرتھر پر چلغوزے یا زیتون کا جنگل تو درکنار کوئی درخت بھی نہیں ملتا۔

کیرتھر کے مغرب میں کوہِ پب کے متوازی سلسلے ہیں جن کے درمیان لانبی لانبی مسطح وادیاں ہیں۔ ان میں سے ایک لاس بیلہ ہے۔ راس مونزے کے بعد کوہ کیرتھر اور یہ ثانوی سلسلے مغرب کی طرف خم کھا کر ساحل کے ساتھ ساتھ دور تک نکل گئے ہیں اور مکران کا ساحلی کوہستان کہلاتے ہیں، مٹی، ریت اور رکاز آمیز طباشیر سے مرکب یہ سلسلہ بلوچستان کے ساحل پر ۲۸۰ میل تک پھیلا ہوا ہے۔ قدم قدم پر کھاتیاں اور درے ہیں۔ آپ کو ان پہاڑوں پر نہ سبزہ ملے گا، نہ پانی اور نہ ان کے دامن میں قابلِ ذکر انسان بستیاں ہی نظر آئیں گی۔

اس سلسلے کو یہیں چھوڑتے اور شمال کی طرف نظر دوڑائیے۔

شمال مشرق میں درۂ گومل سے ایک سلسلۂ کوہ نمودار ہوتا ہے جو بتدریج بلند اور کچھ ٹیڑھا ہوتا ہوا مغرب کی سمت چلا گیا ہے۔ گومل کے پاس مشرق میں اس سلسلے کی بلندی صرف پانچ ہزار فٹ ہے لیکن مغربی سرے پر یہ بلندی دس ہزار فٹ تک پہنچ جاتی ہے۔ اس سے کچھ پرے کند نام کی ایک چوٹی ہے جو گیارہ ہزار فٹ بلند ہے۔ گومل سے لے کر کند تک کا یہ سلسلہ بلوچستان کو افغانستان سے قدرتی طور پر علیحدہ کر دیتا ہے۔ اس بلند خطے کو "کاکر خراسان" کہتے ہیں۔ کند سے مغرب کی طرف یہی سلسلہ بتدریج پست ہوتا ہوا چمن تک چلا گیا ہے۔ چمن، کوئٹہ سے ۹۰ میل شمال مغرب کی سمت بلوچستان اور افغانستان کی سرحد پر واقع ہے۔ چمن سے یہ سلسلہ اچانک جنوب کی سمت مڑ جاتا ہے اور خواجہ عمران و سرلٹھ کے نام سے موسوم ہو کر مکران کے وسطی سلسلے میں ضم ہو جاتا ہے۔ بلوچستان کی اس شمالی سرحد کے مغربی وسط میں ایک اور طویل سلسلۂ کوہ واقع ہے جس کو "چاغی" کہتے ہیں۔ اس کی خاص چوٹیاں ماران۔ ملک تیرزان اور ملک نارو کہلاتی ہیں۔ ہر چوٹی سات ہزار فٹ سے بھی زیادہ بلند ہے۔ کچھ آگے چل کر یہی سلسلہ کئی آتش فشاں پہاڑوں میں بٹ گیا ہے۔ ان میں سے ایک کوہ سلطان ہے۔ جو اب مردہ ہے۔ اس کے تین دہانے ہیں۔ اس کی ایک اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس میں ایک ستون ہے جو تین سو فٹ موٹا اور آٹھ سو فٹ لمبا ہے۔ اسے "نیزۂ سلطان" کہتے ہیں۔

چاغی کے جنوب میں ایک دوسرا سلسلہ راس کوہ کہلاتا ہے۔ دراصل یہ اس سلسلہ کی بلند ترین چوٹی ہے۔ اس کے جنوب میں شمر قاغر یا سیاہان کا سلسلہ ہے اور پھر وسطی مکران اور ساحلی مکران کے متوازی سلسلے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک خشک، بنجر اور غیر آباد ہے۔

مندرجہ بالا سلسلوں کے علاوہ وسط میں بھی کئی آڑے ترچھے سلسلے آپس میں مل گئے ہیں جو وسطی براہوی سلسلہ کہلاتے ہیں۔ صوبے کی تمام بلند چوٹیاں اسی میں پائی جاتی ہیں۔ مثلاً خلیفت۔ زرغون۔ تکاتو وغیرہ۔ ہر چوٹی گیارہ ہزار فٹ سے بھی زیادہ بلند ہے۔ کوئی سلسلہ چھ ہزار فٹ سے کم نہیں۔ بولان کا مشہور درہ اسی کے مشرقی پیچ و خم میں واقع ہے۔ اس سے کچھ جنوب کی سمت درۂ مولا ہے۔ یہ وہی درہ ہے جس سے سکندر اعظم کی فوج کا ایک دستہ یونان واپس گیا تھا۔

اگر آپ بلوچستان کے اس کوہستانی پیچ و خم کو مدنظر رکھیں تو آپ کو سارا بلوچستان بے شمار وادیوں اور مسطح میدانوں میں منقسم نظر آئے گا۔ شمال مشرق میں وادی ژوب اور لورالائی۔ شمال میں پشین اور وسط میں وادیٔ شال ہے جسے کوئٹہ کہتے ہیں۔ شال کی ایک جانب شاہرگ۔ دوسری جانب شورارود۔ جنوب مشرق میں لاس بیلہ اور مغرب میں چاغی، دالبندین، خاران، کولوا، کیچ، پنجگور اور دوسری مکرانی وادیاں ہیں۔ یہ پہاڑوں میں گھری ہوئی وادیاں وہ خلوت گاہیں ہیں۔ جن میں بلوچستان کی زندگی انگڑائیاں

لیتی ہے۔ ان میں سکون بھی ہے اور اضطراب بھی، رزم بھی ہے اور بزم بھی۔ ان کے باشندے۔ بلوچی اور بروہی۔ تہذیب اور شائستگی سے بیگانہ کہے جاتے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ خود ایک ایسی تاریخ پیش کرتے ہیں جو معصومیت اور جرأت کا بہترین نمونہ کہلا سکتی ہے۔

بلوچستان کے باشندوں کی طرح اس کے دریا بھی اپنی نظیر آپ ہیں۔ ان میں سے اکثر تو موسمی دریا ہیں اور جو غیر موسمی ہیں وہ ہم آپ سے آنکھ مچولی کھیلتے رہتے ہیں۔ پہاڑ کی چوٹیوں پر برف پگھلی تو پانی کی ایک ننھی سی دھار بہہ نکلی۔ دامنِ کوہ تک آتے آتے یہ دھار سنگریزوں کے فرش میں گم ہو گئی اور اندر ہی اندر بہنے لگی۔ کچھ دور جا کر یہ دھار دریا کی شکل میں پھر سطح پر نمودار ہو گئی اور لہرا لہرا کر بہنے لگی اور جی چاہا تو پھر روپوش ہو گئی!! بلوچستان میں ایسے زمین دوز دریا اور ندی نالے بکثرت پائے جاتے ہیں۔ کچھ دریا ایسے بھی ہیں جو عرصہ دراز تک خشک پڑے رہتے ہیں۔ آپ اور ہم یہ سمجھ لیتے ہیں کہ یہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو گئے۔ اچانک ایک رات یہ گرجنے لگتے ہیں اور چٹانوں کو توڑتے پھوڑتے اپنی لپیٹ میں سب کچھ بہالے جاتے ہیں۔ اور پھر بڑے اطمینان کے ساتھ خشک ہو جاتے ہیں!

بلوچستان کا سب سے لمبا دریا "ہنگول" ہے۔ ہم جس سلسلۂ کوہ کو "وسطی بروہی" کہتے ہیں۔ اس کا ایک خم "ہربوئی" کہلاتا ہے۔ ہربوئی کے مغربی دامن میں وادئ شور آب ہے۔ اس نام کا دریا اسی وادی سے نکلتا ہے۔ یہ جنوب

کی سمت بہتے ہوئے آخر کار بحرِ عرب سے ہم آغوش ہو جاتا ہے۔ اس کی کل لمبائی ساڑھے تین سو میل ہے۔ ہنگول کے مشرق میں کوہ کھیرتھر کے ساتھ ہی دریائے ہَب ہے۔ اس کا سرچشمہ کوہ پب کی شمالی بلندیوں میں ہے۔ یہ پچیس میل کے بعد ذرا مغرب کی طرف مڑ کر بہتا ہوا بحرِ عرب سے جا ملتا ہے۔ بلوچستان کے علاوہ صوبۂ سندھ میں بھی یہ ایک دریا ہے جس میں سال بھر پانی چھلکتا رہتا ہے۔ سندھ میں دریائے مہران (سندھ) اور گاج کے بعد اسی دریا کا شمار ہوتا ہے۔

ہَب اور ہنگول کے درمیان بحرِ عرب میں گرنے والا تیسرا قابلِ ذکر دریا "پورالی" ہے۔ اور بعید مغرب میں دریائے دشت! یہ کچھ عجیب سی بات ہے کہ بلوچستان میں دریا بھی "دشت" کہلاتا ہے!! ان دریاؤں سے لاس بیلہ اور مکران کی وادیوں میں آب پاشی کی جاتی ہے۔

مکران کے شمال میں وسطی مکران اور سیاہان کے کوہستانی سلسلے واقع ہیں۔ ان متوازی سلسلوں کے آغوش میں جو طویل وادی ہے وہ دریائے رخشان کی جولانگاہ ہے۔ یہ دریا اپنے منبع سے نکل کر مغرب کی سمت بہتا ہوا شمال کی جانب مڑ جاتا ہے اور ایران سے آنے والے دریا ماشخیل کو ہمکنار کرتا ہوا کوہ سیاہان کے ایک عمیق شگاف میں گھس جاتا ہے۔ اور پھر اس شگاف سے نکل کر خاران کے صحرائی علاقے سے گذرتا ہوا ایک وسیع و عریض نشیب میں ختم ہو جاتا ہے جسے "ہامون ماشخیل"، یعنی ماشخیل کی جھیل کہتے ہیں۔

بلوچستان کی شمالی سرحد پر بھی ایک ایسی ہی جھیل ہے جو ہامون لورا کہلاتی ہے۔ پشین لورا دریا جو کوہ کند کی مغربی ڈھلوان سے نکلتا ہے۔ اسی میں جا کر مل جاتا ہے۔ اس کے کئی معاون ہیں۔ بار شور لورا، کاکر لورا۔ سرخاب۔ اور شورا رود۔ پشتو میں "لورا" سیلابی دریا کو کہتے ہیں اور "رود" کے معنی ایسا دریا ہے جو تمام سال رواں رہتا ہے۔ پشین لورا کی مخالف سمت یعنی مشرق میں دریائے ژوب ہے جو شمال میں دریائے گومل سے ہمکنار ہو جاتا ہے۔ ژوب کی وادی بلوچستان کی ان چند وادیوں میں سے ہے جہاں قدرت ایک فیاضانہ شان کے ساتھ ہمیشہ مسکراتی رہتی ہے۔ اس کی سب سے بڑی دلچسپی یہ ہے کہ یہ ایک قدیم تہذیب کا گہوارہ رہ چکی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ بلوچستان کا یہ حصہ موہن جو دارو سے بھی زیادہ قدیم ہے! بلوچستان کے دوسرے دریاؤں میں لورالائی بھی قابل ذکر ہے۔ اس کو انبار اور ناری بھی کہتے ہیں، لورالائی سیبی اور کچھی کے میدانوں میں اس پر بند باندھ کر یا دوسرے طریقوں سے آبپاشی کا کام لیا جاتا ہے۔

دریاؤں کے سلسلے میں آنکھ مچولی کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ اس آنکھ مچولی سے بلوچستان کو ایک بہت بڑا فائدہ پہنچتا ہے۔ دریاؤں کے زمین دوز ہو جانے سے پہاڑوں کے دامن اور دوسرے مقامات میں زمین کے نیچے پانی کا ذخیرہ جمع ہو جاتا ہے۔ قدرت کی اس ستم ظریفی یا بلوچستان کے اس دلچسپ مذاق کو دیکھئے کہ سطح پر کھیت اور باغات تو پانی کو ترس رہے ہیں اور پانی زمین

کی تہ میں خلوت بنا بنا کر ہنس رہا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بلوچستان کے باشندوں کی یہ ہمت بھی ملاحظہ کیجئے کہ وہ زمین کا سنگلاخ سینہ کھود کر ان تہ خانوں تک پہنچ جاتے ہیں اور اندر ایک کو دوسرے سے ملا دیتے ہیں۔ اس طرح زمین دوز نہروں کا ایک سلسلہ بن جاتا ہے جس کو "کاریز" کہتے ہیں۔ کاریزوں کی مدد سے زمین کی تہ کا آبی ذخیرہ سطح تک لے آیا جاتا ہے اور پھر اسے کھیتوں تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ فرہاد کا جوئے شیر لانا تو ایک فسانہ ہے۔ لیکن بلوچستان کے یہ کاریز حقیقی معنوں میں جوئے شیر ہیں۔ یہ نہ ہوں تو بلوچستان کے گندمی کھیت اور انگوری باغ بھی نہ رہیں۔ کاریز کے علاوہ پانی حاصل کرنے کے لئے بلوچستان میں بیشمار چشمے اور فوارہ نما کنویں بھی ہیں لیکن کاریز کے مقابلہ میں یہ دوسرے وسائل زیادہ اہم نہیں۔

آپ اور ہم قدم قدم پر "بہار" اور "خزاں" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہم بہار اور خزاں سے آشنا نہیں۔ جزیرہ نمائے ہند میں نہ بہار ہے نہ خزاں! ہندوستان میں صرف تین موسم ہیں، جاڑا، گرمی اور برسات، مغربی پاکستان میں تو برسات بھی نہیں۔ یہ مشرقی پاکستان کی چیز ہے۔ آپ کو بہار کی گل آفریں رعنائیاں اور خزاں کی ہوش ربا کیفیاں دیکھنی ہوں تو بلوچستان آئیے۔ مگر اتنا نہ بھولئے کہ بلوچستان تنوع اور تضاد کا دیس ہے۔ یہ تنوع اور تضاد یہاں کی آب و ہوا میں بھی کوٹ

کوٹ کر بھر دیا گیا ہے۔ بلوچستان جیسے لمبے چوڑے اور اونچے نیچے صوبے میں یکساں آب و ہوا قدرتی طور پر نہیں مل سکتی۔ جنوبی اور مغربی بلوچستان کی آب و ہوا شمالی، اور مشرق سے پیوستہ وسطی حصّوں سے بالکل مختلف ہے۔ مشرق میں سبی اور ملحقہ پست علاقوں میں آب و ہوا کی شدّت پائی جاتی ہے۔ چاغی، خاران اور وسطی مکران کا بھی یہی حال ہے۔ گرمیوں میں یہ تمام حصّے دوزخ بن جاتے ہیں۔ بلوچستان کی ایک پُرانی مثل ہے ؎

سیبی و ڈھاڈر ساختی　　　دوزخ چرا پر داختی؟

سیبی اور ڈھاڈر دوزخ ہی سہی لیکن اس کے پہلو بہ پہلو بلوچستان کے بالائی کوہستانی علاقوں کا معتدل فردوس بھی ہے۔ البتہ بلند تر حصوں میں سرمائی شدت غیر معمولی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ ان حصّوں میں پانی تو خیر پانی ہی ہے، دوات کی سیاہی، بوتلوں میں رکھی ہوئی دوائیں اور انسانی رگوں میں دوڑتا ہوا خون تک برف بن سکتا ہے۔

آب و ہوا کے نکتہ نظر سے وسطی اور شمالی بلوچستان کے موسمی تغیر و تبدل پر ایک مجموعی نظر یوں ڈالئے۔ سال شروع ہوتا ہے تو پہاڑوں پر برف جمی ہوئی نظر آتی ہے وہ مٹیالے رنگ کے اونچے اونچے کوہسار اور ان کے بالائی کناروں پر برف کی سفید سفید تہہ کیسی بھلی لگتی ہے! اگرچہ یہ تہہ زیادہ دبیز نہیں ہوتی لیکن نیلگوں آسمان کے پس منظر میں اس کی چمک دمک سے ایک عجیب سماں پیدا ہو جاتا ہے۔ جنوری اور فروری میں اکثر برف باری ہوتی

رہتی ہے۔ مارچ شروع ہوتے ہی بلوچستان ایک انگڑائی لیتا ہے۔ موسم کے مارے، ٹھٹھرتے ہوتے، بے برگ و بار درختوں پر سُرخ سُرخ شگوفے مسکرانے لگتے ہیں۔ فضا میں کافی خنکی رہتی ہے اور کبھی کبھار ایک آدھ بادل بھی جھوم اٹھتا ہے۔ اپریل آتے آتے درختوں کی شاخوں پر سبز سبز پتّوں کا ہجوم لہرانے لگتا ہے۔ میدانوں اور چراگاہوں میں ہریالی چھا جاتی ہے۔ پہاڑوں کے دامن میں، چٹانوں کے آس پاس، کاریز اور چشموں کے کنارے خودرو پھول مسکرا اٹھتے ہیں۔ ہوائیں خنکی کی جگہ ہلکی ہلکی ٹھنڈک پیدا ہو جاتی ہے۔ تازگی، شادابی اور رنگینی کا یہ البیلا موسم جون تک دلوں کو لبھاتا رہتا ہے۔ پشتو میں اسے "سرلی" یعنی "بہار" کہتے ہیں اور واقعی بہار کا موسم ہے بھی یہی! جون کے بعد بہار ماند پڑنے لگ جاتی ہے۔ جولائی تک درجہ حرارت بلند ہو جاتا ہے، اس عرصے کو رعایتاً ہندوستان کا جیٹھ کہہ لیجیے۔ یہاں کے باشندے اسے "اہار" کہتے ہیں۔ جیٹھ کے بعد "ساون" شروع ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ "ساون" کو پشتو کے "دسہ" کا محض لفظی ترجمہ ہی سمجھئے۔ مشرقی پاکستان کے ساون کی طرح بلوچستان کے ساون میں کالی کالی گھنگور گھٹاؤں کا شور اور برق و باراں کا زور نہیں ہوتا۔ ساون سے صرف یہی مراد ہے کہ اس کے دوران میں گرمی نہیں ہوتی۔ اور گرم گرم ریتیلی ہوائیں چلنا بند ہو جاتی ہیں۔ یہ موسم جو جون سے ستمبر کے اوائل تک رہتا ہے "دوبئی" یعنی موسم گرما کہلاتا ہے۔ مگر ہندوستان کے موسم گرما کے مقابلہ میں اسے گلابی جاڑوں کا موسم ہی کہنا مناسب ہے۔ ستمبر کے اوائل میں درختوں کی

سرسبزی مٹیالی رنگت اختیار کرلیتی ہے۔ رفتہ رفتہ درخت کے پتے
بے جان ہو کر ٹوٹنے لگتے ہیں۔ سڑکوں، میدانوں اور باغوں میں ہر درخت
کے نیچے ٹوٹے ہوئے پتوں کا پیلا پیلا ڈھیر لگ جاتا ہے۔ تین مہینے پہلے جس
جگہ باغ تھا وہاں اب ویرانی نظر آتی ہے۔ موسم کا یہ شدید ردِ عمل حد درجہ
بے کیف ہوتا ہے۔ اور یہ بے کیفی دسمبر کے اوائل تک آہستہ آہستہ شدید تر
ہو جاتی ہے۔ یہ "منیٰ" ہے یعنی موسمِ خزاں !! ـــ خزاں جب بہار کو اچھی
طرح لوٹ لیتی ہے تو کوہساروں پر سیاہی سی چھا جاتی ہے۔ اوائل دسمبر
سے وسطِ جنوری تک کا عرصہ چہلِ سیاہ کہلاتا ہے۔ وسط جنوری کے بعد
موسم ایک نئی کروٹ لے کر "چہلِ سفید" بن جاتا ہے۔ اس موسم میں
ہر طرف برف ہی برف نظر آتی ہے۔ چہلِ سیاہ اور چہلِ سفید کو ملا کر "زمیٰ"
یعنی موسم سرما کہتے ہیں۔ اور سرما کے بعد مارچ میں پھر موسم بہار آجاتا
ہے !! ـــــ پشتو کی کہاوت ہے "سرلی معمور" یعنی موسم بہار ہرا بھرا
ہوتا ہے۔ "دوبی تنور!" موسم گرما تنور کی طرح گرم ہوتا ہے۔ "منیٰ
رنړور (رنجور!) یعنی خزاں میں اضمحلال طاری رہتا ہے اور "زمیٰ حضور!"
(موسم سرما) حضورلوں کا موسم ہے۔ ان فقروں میں موسم کے تاثرات کو
مکمل طور پر پیش کر دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان کے موسم نے
اس کی تاریخ اور معاشرت پر بہت گہرا اثر ڈالا ہے۔ یہاں کے باشندوں
کے مزاج اور ان کی رسومات تک میں موسمی تغیرات کا اثر کارفرما نظر آتا ہے۔

قدرتی وضع وہیئت۔ دریاؤں۔ کاریزوں اور آب و ہوا کے اس پس منظر
میں بلوچستان کا ایک اور پہلو بھی دیکھتے چلئے۔ قدرت نے اس سرزمین
کے سینے پر اونچے اونچے پہاڑوں کا بوجھ لاد رکھا ہے لیکن اس کے باوجود
بلوچستان کا سینہ ہر دم دھڑکتا رہتا ہے۔ بلوچستان کی یہ دھڑکنیں "زلزلہ"
کہلاتی ہیں۔ چھوٹے چھوٹے زلزلوں کو چھوڑ کر بلوچستان میں چند ہیبت ناک
زلزلے بھی آتے ہوتے ہیں۔ ایک بار ایک ایسا ہی خوفناک زلزلہ آیا اور خواجہ
عمران اور سرکتھ کے کوہستانی دامن میں ۱۲۰ میل لمبا شگاف چھوڑ گیا۔
سنہ ۱۸۹۲ء میں ایک اور زلزلہ آیا اور ۱۹۳۵ء میں تو وہ تباہ کن جھٹکا آیا جس
کی یاد آج بھی یہاں کے باشندوں کو لرزہ براندام کر دیتی ہے۔ یہ زلزلہ نہیں
تھا ایک قیامت تھی۔ آدھی رات کو جب کوئٹہ اطمینان کی نیند سو رہا تھا
تو اچانک زمین کانپ اٹھی اور کئی سیکنڈ تک زور زور سے کانپتی رہی۔
چشم زدن میں کوئٹہ "شہر خموشاں" بن گیا! لیکن اس شہر خموشاں
میں پھر زندگی کی ہلچل پیدا ہو گئی۔ نئے طرز کے زلزلہ پروف مکانات تعمیر ہونے
لگے اور کوئٹہ کے ساتھ ساتھ سارا بلوچستان بھی ایک نئے مستقبل کی طرف
گامزن ہو گیا!

بلندی اور پستی، بگولے اور برف، تنک آب دریا اور خشک ندی نالے،
چھلکتے ہوئے کاریز اور مچلتے ہوئے چشمے، خوابیدہ کوہسار اور ہر لحظہ چونک پڑنے
والی بے قرار وادیاں ـــ یہ ہے ہمارا بلوچستان!

بلوچستان کے باشندے

بلوچستان، قدرت کے تنوع اور تضاد کا حیرت کدہ ہے۔ یہاں کی پستیاں بلندیوں کو چھوتی ہیں اور بلندیاں آسمان سے باتیں کرتی ہیں۔ یہاں چوڑے چکلے صحرا اور ریگ زار ہیں مگران کی گود میں چھوٹے چھوٹے نخلستان بھی ہیں سنگلاخ اور بے برگ و بار پہاڑوں کے سلسلے ہیں، مگران سلسلوں کی آغوش میں سرسبز وشاداب وادیاں بھی ہیں۔ اوران وادیوں میں کیا کچھ نہیں! روپہلے آبشار گندم کے سنہرے کھیت، انگور اور شہتوت کے لذت آفریں خوشے، بادام خوبانی، سیب، انار، اور شفتالو کے نکہت پاش باغ!! اور باغوں میں ریشمیں ہواؤں کے جھونکے!!۔ بلوچستان میں ایسے مقامات بھی ہیں جہاں سال بھر کم و بیش یکساں موسم رہتا ہے۔ اور ایسے بھی جہاں کا موسم ہمیشہ بدلتا رہتا ہے۔ کبھی بہار ہے، کبھی خزاں! کبھی موسم سرما ہے کبھی موسم گرما! لطف کی بات یہ ہے کہ بلوچستان کے بعض علاقوں کا موسم گرما، شمالی ہند کے موسم سرما کو شرماتا ہے۔ اور موسم سرما میں خوب برفباری ہوتی ہے۔ اسکے برخلاف

چند ایسے مقامات بھی ہیں جہاں موسم سرما میں بھی جاڑوں کو ترسنا پڑتا ہے۔

آب و گل کے اس تنوع کے ساتھ ساتھ بلوچستان کی تاریخ اور معاشرہ بھی گوناگوں رنگینیوں سے معمور ہے۔ یوں سمجھئے کہ بلوچستان کی سرزمین مغربی ایشیا کی تاریخی اور ثقافتی موجوں کا ایک قدرتی سنگم ہے۔ یا ایک ایسا مرکزی نقطہ ہے جہاں تاریخ اور ثقافت کی مختلف شاہراہیں آکر مل جاتی ہیں اور مل کر پھر مختلف سمتوں میں بٹ جاتی ہیں۔ وسط ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے قدیم تمدنی گہواروں سے تاریخ اور تمدن، مذہب اور ثقافت، مادی حشمت اور روحانی عظمت کے جتنے لشکر بھی ایشیا کی سمت روانہ ہوئے ان میں سے اکثر و بیشتر نے بلوچستان کا رُخ کیا۔ بعض ہوا کے جھونکے کی طرح آئے اور گذر گئے، بعض اس سرزمین میں رہنے سہنے لگے اور نئے آنے والوں میں گھل مل گئے۔ ان آنے جانے والوں میں مقدونی بھی تھے، عرب بھی، غزنوی بھی تھے اور منگول بھی، مغل بھی تھے اور درانی بھی، اور انگریز تو خیر تھے ہی۔

بلوچستان کے باشندوں کے متعلق ہماری معلومات کا آغاز عرب حملہ آوروں کے وقت سے ہوتا ہے۔ اس وقت یعنی ساتویں صدی میں یہاں کے باشندے میڈ جٹ یا جاٹ، اور افغان تھے۔ میڈ، مکران کے ساحلی خطے میں رہتے تھے اور آج بھی ان کی باقی ماندہ اکثریت وہیں رہتی ہے۔ سراوان اور جھلاوان کا علاقہ جٹ باشندوں کا مسکن تھا۔ افغان، شمال سے لیکر جنوب تک پھیلے ہوئے تھے۔ اس سرزمین میں عربوں کا اقتدار کوئی تین سو برس تک قائم رہا۔ ساتویں صدی کے

بعد سے مکران میں کچھ نئے لوگ داخل ہونے لگے جو "بلوچ" کہلاتے ہیں۔ آہستہ آہستہ شمال کی جانب پھیلتے ہوئے یہ لوگ پندرھویں صدی میں کچھی تک پہنچ گئے۔ میڈ اور جٹ باشندے ان نوواردوں کے سیلاب میں بہہ گئے یا رفتہ رفتہ ان میں ضم ہو گئے۔ افغان باشندوں کا بھی یہی حشر ہوا۔ اور انہیں بلوچستان کے شمال مشرقی گوشے میں سمٹ جانا پڑا۔ چودھویں یا پندرھویں صدی میں انسانوں کا ایک نیا گروہ نمودار ہوا اور آہستہ آہستہ چند وادیوں پر چھا گیا۔ آگے چل کر اس گروہ کا نام "بروہی" پڑ گیا۔ چنانچہ اس وقت، مکران کے علاقے کو چھوڑ کر، جہاں مخلوط قسم کی آبادی ہے، بلوچستان میں آبادی کے چار بڑے بڑے گروہ ملتے ہیں۔ ایک تو وہی قدیم جٹ، دوسرا بلوچ، تیسرا بروہی اور چوتھا گروہ افغان باشندوں پر مشتمل ہے۔ آیئے، سب سے پہلے ہم جٹ باشندوں پر ایک نظر ڈال لیں۔

جٹ یا جاٹ

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جٹ باشندے بلوچستان کے ان قدیم غیر مسلم باشندوں کی یادگار ہیں جنہوں نے عربوں کی آمد کے بعد اسلام قبول کر لیا تھا۔ مگر بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ ان تاریخی اقوام میں سے ہیں جو وقتاً فوقتاً بلوچستان کو اپنی جولانگاہ بناتے رہے۔ امتدادِ زمانہ کے ساتھ داخلی اور خارجی حالات نے ان کے دیرینہ وقار اور آثار کو ملیا میٹ کر دیا اور رفتہ رفتہ یہ لوگ بلوچستان کی تاریخ اور معاشرت کی نظر سے گر گئے۔ اس کے برعکس بعض ماہرین یہ کہتے ہیں کہ جٹ ایک عام اصطلاح

ہے جس میں وہ تمام مسلمان شامل ہیں جو نہ بلوچ ہیں نہ بروہی اور نہ افغان۔ مختصراً یہ کہیے کہ جٹ باشندوں کے متعلق قطعی طور پر کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا۔ اتنا ضرور ہے کہ ان باشندوں کی بعض رسومات وسط ایشیا کے قدیم باشندوں سے ملتی جلتی ہیں۔

ان جٹ باشندوں میں بھی دو گروہ ملتے ہیں۔ ایک گروہ کے افراد زیادہ تر ساربانی اور گلہ بانی کرتے ہیں۔ ان کو عام طور پر جت کہتے ہیں۔ دوسرا گروہ جٹ کہلاتا ہے جس کا عام مشغلہ کھیتی باڑی ہے۔ جٹ باشندوں کی اکثریت کچھی، لس بیلہ اور سبّی میں ملتی ہے۔ بلوچ اور دوسرے مستقل قبائل ان جٹ باشندوں کو خود سے کمتر سمجھتے ہیں۔ اس کا ایک معمولی ثبوت یہ ہے کہ ایک بلوچ مرد کسی جٹ عورت سے خود تو شادی کر سکتا ہے مگر کسی جٹ مرد سے اپنی بیٹی کا بیاہ نہیں کر سکتا!

بلوچ

بلوچ کون ہیں اور کہاں سے آئے ہیں؟ اس سوال کا تشفی بخش جواب آج تک کسی نے نہیں دیا۔ ہم صرف اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ ۶۶۴ء میں عربوں کے پہلے حملے کے وقت بلوچ، مکران کے پہاڑی علاقوں میں رہتے تھے۔ ابن حوقل نے جو دسویں صدی میں دوسری بار ہندوستان آیا تھا لکھا ہے کہ ایران زمین میں، جو ہند اور سندھ کی سرحد پر واقع ہے، کوچ اور بلوچ رہتے ہیں۔ "ایران زمین" سے شاید مکران مراد ہے۔ اور پشتو زبان کے "کوچی" یا "کوچیؔ" کی طرح قدیم فارسی زبان میں "بلوچ" خانہ بدوش

یا جہاں گرد کو کہتے ہیں۔ اتنا تو یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ساتویں صدی میں بلوچ قبائل کا مسکن مکران اور کرمان کا جنوبی علاقہ تھا۔ یہ بات قبیلوں کے نام پر غور کرنے سے بھی عیاں ہو جاتی ہے۔ مثلاً ایک قبیلہ بگٹی کہلاتا ہے۔ نام سے یہی پتہ چلتا ہے کہ یہ قبیلہ پہلے بگ میں آباد تھا جو بلوچستان کی مغربی سرحد کے اس پار ایران میں واقع ہے۔ اسی طرح میگسی قبیلہ مگس سے، اور بلیدی قبیلہ مکران کی وادی بلیدہ سے آیا ہے۔ مگر ساتویں صدی سے پہلے ان کا مسکن کہاں تھا اس کی بابت صرف قیاس ہی کی مدد لی جا سکتی ہے۔ خود بلوچ یہ کہتے ہیں کہ ان کا آبائی مسکن حلب یعنی ملک شام ہے۔ شام میں کچھ ایسے قبائل بھی پائے گئے ہیں جن کے نام بلوچستانی قبائل سے ملتے جلتے ہیں۔ مگر دوسری طرف بلوچوں کے متعلق کچھ ایسی معلومات بھی ملتی ہیں جن سے یہ ترکمانی نسل کے ثابت ہوتے ہیں۔ یہاں ایک نکتہ قابل غور ہے۔ اور وہ یہ کہ خانہ بدوشی اور جہاں گردی عرب اور ترک دونوں ہی کا امتیازی نشان ہے۔ اس لئے عجب نہیں کہ ہمارے بلوچ، عرب اور ترک نسلوں کے امتزاج اور انضمام کی پیداوار ہوں۔ اس قسم کا امتزاج اور انضمام ایک قدرتی عمل ہے اور مغربی ایشیا کی مخصوص جغرافی نشست اور نوعیت میں یہ عمل ہمیشہ بہت نمایاں رہا ہے۔ خود بلوچستان میں یہ چیز بہت تیزی کے ساتھ جاری ہے۔

بہرکیف! جنوبی کرمان اور مکران سے بلوچوں نے شمال اور مشرق کی طرف پھیلنا شروع کیا۔ چودھویں اور پندرھویں صدی تک یہ بلوچستان کے قلب

پر چھا گئے۔ اور سولہویں صدی میں ہر طرف یلغار کرنے لگے۔ کوہ سلیمان اور کوہ کرتھار کو عبور کر کے بعض بلوچ قبائل نے پنجاب، سندھ، اور شمالی ہندوستان کا بھی رُخ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ بلوچوں کے رند قبیلہ کا سردار "میر چاکر" ہمایوں کے آڑے وقتوں میں بہت کام آیا اور اس طرح وہ دِلّی تک پہنچ گیا۔ اٹھارہویں، اور انیسویں صدی کی ابتدا تک بلوچوں کے مَرّی اور بگٹی قبیلوں نے کچھی کے آس پاس کے تمام کہستانی علاقوں پر قبضہ جما لیا۔ ۱۸۳۹ء جب انگریزی فوجوں نے افغانستان کا رُخ کیا تو کچھی اور بولان سے گذرتے وقت ان قبیلوں نے فوج پر حملہ کر دیا۔ پھر کیا تھا! انگریزوں اور بلوچ قبائل کے درمیان تصادم کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا۔ بلوچوں کی مسلسل یلغار اور انگریزوں کی پیہم شکست کا یہ سلسلہ کوئی ۳۵ سال تک پوری شدت کے ساتھ جاری رہا۔ آخر کار سر روبرٹ سنڈیمن نے قبائلی سرداروں کے لئے وظیفے اور انعام و اکرام کی اسکیم چلائی۔ اور خان قلات سے گفت و شنید کر کے کوئٹہ میں "بلوچستان ایجنسی" قائم کر دی! ایجنسی کے قیام کے بعد انگریزوں نے رفتہ رفتہ تمام بلوچ قبیلوں کو اپنا صید کر لیا۔

دنیا کی اکثر قوموں کی طرح بلوچ بھی قبیلوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ لیکن بلوچی قبیلہ کوئی متجانس گروہ نہیں ہوتا۔ بلکہ چند خارجی اجزا یا عناصر کے تدریجی انضمام سے شکل پذیر ہوتا ہے۔ قبیلے کی یہ شکل پذیری چند مخصوص زینوں سے گذرتی ہے۔ پہلا زینہ یہ ہوتا ہے کہ باہمی خانہ جنگیوں کے سلسلے میں غیر متجانس یعنی غیر متعلق افراد کسی ایک فریق کا ساتھ دیتے ہیں۔ اس کے بعد فریق کی ملک خصوصاً اراضی املاک

مثلاً کھیت وغیرہ میں حصہ لینے کی باری آتی ہے۔ اور سب سے آخر میں رشتہ داری قائم کی جاتی ہے۔ جب غیر متجانس افراد ان تینوں منازل سے گذر لیتے ہیں تو وہ اس خاص قبیلے میں جذب ہو جاتے ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی خاص فرد یا چند افراد کو براہ راست قبیلے میں شامل کر لیا جاتا ہے۔ اس موقعہ پر چند مخصوص رسمیں ادا کی جاتی ہیں۔ پھر کچھ دنوں بعد قبیلے کی لڑکیوں سے ان کی شادی کر دی جاتی ہے۔

دوسرے قبیلوں کی طرح بلوچ قبیلے کی تعمیر بھی ایک خاص پیمانے پر ہوتی ہے۔ یعنی ایک قبیلے میں کئی فرقے ہوتے ہیں اور ہر فرقے میں کئی کئی ٹولیاں بنتی ہیں بلا اوقات ٹولیوں کے بھی کئی کئی ٹکرے ہوتے ہیں۔ ایسے چھوٹے چھوٹے ٹکروں کا سردار "معتبر" کہلاتا ہے۔ ٹکروں کو ملا کر جو ٹولی بنتی ہے اس کے سردار کو "وڈیرہ" کہتے ہیں۔ اسی طرح کئی ٹولیوں پر مشتمل جو فرقہ ہوتا ہے اس کے سردار کو "مقدم" اور سارے قبیلے کے سرغنہ کو "تمن دار" کہا جاتا ہے۔ ان قبیلوں، فرقوں، اور ٹولیوں کا سلسلہ یا نظام کچھ اتنا پیچیدہ ہوتا ہے کہ ان کا سمجھنا اور یاد رکھنا تقریباً ناممکن ہے۔ مگر ان کے قابل ذکر قبیلے مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) مری قبیلہ :- یہ قبیلہ بلوچستان کے شمال مشرقی شمالی علاقے میں رہتا ہے جس کو مری کہتے ہیں۔ اس قبیلے کے تین فرقے ہیں۔ غزنی، بیجرانی، اور لوہرانی! ہر فرقے کی کئی کئی ٹولیاں ہیں اور ہر ٹولی کے بے شمار ٹکڑے ہیں جن کو ان کی خاص زبان میں "پارہ" یا "فرقہ" کہتے ہیں۔

ہم "میر چاکر" کا ذکر کر چکے ہیں۔ بلوچوں کی تاریخ میں "میر چاکر" کو قومی ہیرو کا

مرتبہ حاصل ہے۔ اصل میں "چاکر" کا تعلق ایک دوسرے بلوچی قبیلے سے ہے جو "رند" کہلاتا ہے۔ اس قبیلہ کا ذکر ہم بعد میں کریں گے۔ یہاں صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ مری قبیلہ کس طرح عالم وجود میں آیا۔ کہتے ہیں کہ جب میر چاکر نے دریائے سندھ کو عبور کر کے پنجاب کا رخ کرنا چاہا تو اس کے چند رفیقوں نے ساتھ چھوڑ دیا۔ ان لوگوں میں بجار خاں نامی ایک بلوچ تھا۔ بجار خاں کے ساتھ علی خاں، سندو خاں، وغیرہ اور ایک لوہار (آہنگر) بھی تھا۔ بیجار خاں نے بیجرانی فرقے کی بنا ڈالی۔ علی خاں نے ایک لڑکے کو گود لے لیا تھا جس کا نام غزن تھا۔ اس کے نام پر غزنی فرقہ قائم ہوا۔ لوہار پیچھے کیوں رہتا! اس نے لوہرانی فرقہ بنا لیا۔ اور یہ تینوں فرقے مل کر مری قبیلہ بن گئے۔ پھر رفتہ رفتہ اس قبیلے میں جٹ، بروہی، اور افغان وغیرہ ضم کر لئے گئے اور یہ عمل اس شدت کے ساتھ جاری رہا کہ تعداد کے اعتبار سے مری قبیلہ دوسرے تمام قبیلوں سے آگے نکل گیا!

مری علاقے کے علاوہ اس قبیلے کے کچھ لوگ ریاست قلات اور لسبیلہ میں بھی پائے جاتے ہیں۔

(۲) بگٹی قبیلہ :- علاقہ مری کے ٹھیک جنوب میں بگٹی واقع ہے۔ اس کا رقبہ چار سو مربع میل سے کچھ کم ہے۔ اس علاقے کو بگٹی اس لئے کہتے ہیں کہ قبیلے کا مسکن ہے۔ پہلے یہ قبیلہ جنوب مشرقی ایران میں بگ کے مقام پر آباد تھا۔

مری قبیلے کی طرح اس قبیلے کے بھی کئی فرقے ہیں جن کی تعداد سات ہے۔ بلوچی روایت کے مطابق اس قبیلے کا آغاز بھی مری قبیلے کی طرح ہوا۔ میر چاکر کے سات

ہم وطنوں نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور اپنے نام پر مختلف فرقے قائم کر کے بگٹی قبیلے کی تشکیل کی یہاں یہ بتا دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ایک عرصہ دراز تک بگٹی اور مری قبیلے ایک دوسرے کے جانی دشمن تھے اور یہ دشمنی، چشمک کی صورت میں شاید اب تک برقرار ہے۔

جسمانی ساخت کے اعتبار سے بگٹی قبیلہ بہترین بلوچ قبیلہ ہے۔ اور دلیری میں تو ان کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ ذہنی اعتبار سے بھی شاید یہ دوسرے قبیلوں سے کچھ بہتر ہیں۔

(۳) رند قبیلہ:۔ بلوچی روایات کے مطابق ان کا جد امجد "جلال خاں" تھا۔ جلال خاں کو "جلال ہان" بھی کہتے ہیں۔ اس کے چار بیٹے تھے اور ایک بیٹی۔ بیٹوں میں سے ایک کا نام رند تھا جس کے نام پر یہ قبیلہ چل نکلا۔ "میر چاکر" کا جلال خاں یا رند سے کیا رشتہ تھا اس کی تو ہمیں خبر نہیں اور نہ اس کے کارہائے نمایاں ہی کا کچھ علم ہے مگر تمام بلوچی روایتیں میر چاکر کو اپنا قومی ہیرو سمجھتا ہیں اور تقریباً ہر بلوچ قبیلہ میر چاکر ہی سے اپنا سلسلہ ملا دیتا ہے۔

اس قبیلے کی تاریخ کے متعلق بھی ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ یقین کے ساتھ صرف اتنا کہا جا سکتا ہے کہ زمانہ قدیم میں یہ قبیلہ کرمان میں رہتا تھا۔ کرمان سے نکل کر کیچ اور مکران پہنچا۔ اور یہاں سے مشرق کی سمت پھیلنے لگا۔ میر چاکر کی سرکردگی میں اس قبیلے نے دریائے سندھ کو عبور کر کے پنجاب کا رخ کیا اور جیسا کہ روایات سے پتہ چلتا ہے میر چاکر کو ہمایوں کی ہم رکابی نے دلی پہنچا دیا۔ بلوچوں کے اس "سکندر اعظم"

کو بلوچستان کے دوسرے غیر بلوچی باشندوں مثلاً براہوی اور افغان وغیرہ سے پیہم مقابلہ کرنا پڑا۔ اس نے ارغون یعنی ترکوں کا بھی مقابلہ کیا۔ لیکن اس کی داستان حیات کا یہ رزمیہ پہلو اب تک نگاہوں سے پوشیدہ ہے۔ معلوم نہیں میر چاکر کا کیا انجام ہوا مگر اتنا ضرور ہے کہ سندھ اور پنجاب کے اکثر باشندے میر چاکر کے ہم کابوں کی یادگار ہیں۔ بلوچستان میں تو جا بجا ایسے مقامات بھی ہیں جو میر چاکر سے موسوم یا منسوب کئے جاتے ہیں۔

بلوچستان میں رند قبیلے کے کئی فرقے ہیں۔ مثلاً جمالی، کھوسہ، عمرانی، چانڈی، لغاری، سنغاری وغیرہ۔ جمالی فرقے کی خاص خاص ٹولیاں طہرانی، شیر خانانی، شہالیانی شیہل زئی، واسوانی اور بابر کہلاتی ہیں۔ ان کی اکثریت سبی اور نصیر آباد میں ملتی ہے۔ کھوسہ فرقے کی تین ٹولیاں ہیں۔ روایت کے بموجب اس فرقے کا بانی "کوہ سر" نامی ایک رند بلوچ تھا یہ "کوہ سر" بگڑ کر "کھوسہ" بن گیا۔ عام خیال یہ ہے کہ میر چاکر کو دریائے سندھ عبور کرانے والے یہی لوگ تھے۔ اس مناسبت سے ان کو "میانس" بھی کہتے ہیں۔

"میانس" کا مطلب "ملاح" ہے۔ صوبہ سندھ میں بھی یہ لوگ بکثرت ملتے ہیں۔ سبی اور چند دوسرے محدود علاقوں کو چھوڑ کر بلوچستان میں رند قبیلے کو براہوی قبائل کی اتحادی فہرست میں شامل کر لیا گیا ہے۔ ایک دوسرے بلوچ قبیلہ میگسی کا بھی یہی حال ہوا۔

بلوچ قبیلوں میں ایک گروہ "گولہ" کہلاتا ہے۔ عام طور پر اس گروہ کو

بلوچوں کے بلیدی قبیلہ کا ایک فرقہ سمجھا جاتا ہے لیکن جدید تحقیقات کی رو سے "گولہ" خالص بلوچ نہیں بعض لوگوں کا قیاس ہے کہ "گولہ" اصل میں سناسی ہیں۔ بہر کیف ان کی موجودہ حیثیت ایک مستقل بلوچ فرقے کی ہے —— اب بلوچوں کو چھوڑیئے اور بروہی باشندوں پر ایک نظر ڈالیے۔

بروہی۔ بلوچ کی طرح بروہی کی اصل بھی ایک معمہ ہے۔ پرانی فارسی زبان کے مطابق اس لفظ کا مطلب "کہستانی" یا مردِ کہسار" ہے۔ لیکن اس سے ان کی اصل پر کوئی روشنی نہیں پڑتی۔ خود بروہی روایتیں یہ کہتی ہیں کہ یہ لفظ دراصل "براہو" تھا جو ان کے جدامجد کا نام ہے۔ عجب نہیں کہ لفظ "براہو" براہیم یا ابراہیم کی ایک صورت ہو۔ بلوچوں کے بعض پرانے لوک گیتوں میں ان کو "براہو" خطاب کیا گیا ہے۔ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ بلوچوں کی طرح یہ بھی ترکمانی نسل کے ہیں۔ یہاں بروہی زبان پر بھی ایک چھچلتی نظر ڈال لیجئے۔ اس زبان کا اپنا لٹریچر کچھ بھی نہیں۔ قدرتی طور پر اس سلسلے میں ہم کو مغربی محققین پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے۔ ان میں سے بعض یہ کہتے ہیں کہ بروہی زبان کا تعلق آریائی زبان سے ہے۔ بعض کا یہ خیال ہے کہ یہ زبان وسطی ہند کی کول زبان سے تعلق رکھتی ہے اور چند دوسرے ماہرین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ یہ ڈراوڈین زبان کی ایک تبدیل شدہ صورت ہے۔

مستند تاریخ کے آغاز میں بروہی باشندے قلات کے آس پاس رہتے تھے۔ ان کے کئی گروہ تھے جن میں سے ایک گروہ میرواری کہلاتا تھا۔ اس گروہ کا سرغنہ "میر عمر" تمام بروہی باشندوں کا سردار تھا۔ ان بروہیوں نے رفتہ رفتہ جھلاوان

کے قدیم جٹ باشندوں کو نکال کر مستونگ سے لے کر لس بیلہ تک کے سارے علاقے پر اپنا اقتدار قائم کر لیا۔ بروہی اقتدار کی توسیع کے ساتھ لفظ "بروہی" بھی وسیع طور پر استعمال کیا جانے لگا لیکن اصل بروہی میر عمر کے خلاف ہی سمجھے جاتے ہیں۔ اس میں احمدزئی اور ان کے ہمجد، کلندرانی، قلندرنی، گرگ ناری، کمبرانی (قمبرانی!!) اور میرواری وغیرہ شامل ہیں۔

بروہیوں کا میرواری قبیلہ یا گروہ خود کو عرب اصل کا بتاتا ہے۔ ابتدا میں یہ گروہ قلات کے پاس وادی سوراب میں رہتا تھا۔ اور آہستہ آہستہ اپنا سکہ جما رہا تھا۔ سولہویں صدی میں بلوچستان کا یہ حصہ دلی کے مغل بادشاہوں کے زیر نگیں چلا گیا اور بروہیوں کو خاموش ہو جانا پڑا۔ کچھ عرصہ بعد ان کے ایک سردار میر حسن نے اس علاقے کو مغلوں سے چھین لیا۔ اس طرح سترھویں صدی تک میر حسن اور اس کی اولاد قلات پر حکومت کرتی رہی۔ لیکن پھر قلات پر میر احمد کا قبضہ ہو گیا۔ احمدزئی قبیلہ اسی میر احمد کی یادگار ہے۔

قلات کے یہ فرماں روا مکمل طور پر کبھی بھی خود مختار نہیں رہے۔ کبھی دلی اور کبھی قندھار کے آگے جھکتے رہے۔ نصیر خاں اول خان قلات کے عہد میں یعنی اٹھارھویں صدی میں افغانستان کے دربار سے "بیگلر بیگی" یعنی سرداروں کا سردار اور "والیٔ قلات" کا خطاب موصول ہوا۔ گویا اس طرح قلات کو خود مختاری عطا کی گئی۔ یہ خطاب اب بھی زیر استعمال ہے۔

بلوچستان کی تاریخ میں ان احمدزئی حکمرانوں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

ان میں سے نصیر خاں اوّل کو بروہی ہیرو کہا جاسکتا ہے۔ میر محراب خاں کے وقت میں پہلی جنگ افغان چھڑی اور بلوچستان کی سرزمین پر انگریزوں نے اپنا قدم رکھا۔ پھر کچھ ایسے واقعات رونما ہوئے کہ ۱۸۳۹ء میں انگریزوں نے قلات پر حملہ کردیا۔ اس حملے میں محراب خاں قتل ہو گئے۔ انگریزوں نے شاہنواز خاں کو گدی پر بٹھا دیا اور اپنا ایک "پولیٹیکل افسر" ساتھ لگادیا۔ لیکن ایک ہی سال بعد دوسرے بروہی قبیلوں نے بغاوت کردی۔ اور شاہنواز خاں کو میر نصیر خاں ثانی کیلئے جگہ خالی کرنی پڑی۔ انگریزوں نے ۱۸۵۴ء میں قلات سے پہلا معاہدہ کیا۔ نصیر خاں ثانی تو چل بسے لیکن گذشتہ واقعات نے بروہی سرداروں کو قلات کی طرف سے بیزار کردیا تھا۔ قدرتی طور پر ہر طرف بغاوت، سازش، اور فتنوں نے سر اٹھایا۔ عین اس موقع پر میجر روبرٹ سینڈیمن، جو بعد میں "سر" کہلائے، پردے پر نمودار ہوتے۔ آپ نے خان قلات سے دو مرتبہ گفت وشنید کی۔ اس کے دو نتیجے برآمد ہوتے۔ ایک تو یہ کہ خان قلات اور دوسرے بروہی سرداروں کے درمیان ایک دوستانہ معاہدہ تشکیل پایا جس کو "معاہدۂ مستونگ" کہتے ہیں۔ دوسرا نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ خود انگریزوں اور خان قلات کے درمیان ایک معاہدہ ہو گیا جس کی رو سے سبی، بولان، اور کوئٹہ پشین کا تمام علاقہ تیس ہزار روپے سالانہ کے عوض انگریزوں کے دست تصرف میں دے دیا گیا! اس یادگار معاہدے کی تاریخ ۸ رجون ۱۸۸۳ء ہے۔

ان تاریخی جھلکیوں کو یہیں چھوڑیئے اور اصل موضوع کی طرف آیئے۔ نصیر خاں

اوّل نے سراوان اور جھلاوان کے منتشر قبیلوں کو ایک وفاقی نظام میں پرو دیا۔ "بروہی" اسی قبائلی وفاق یا اتحاد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان قبیلوں کے دو بڑے بڑے گروہ ہیں۔ ایک گروہ کا مسکن قلات کا شمالی علاقہ ہے جس کو سراوان کہتے ہیں۔ اس گروہ کے خاص خاص قبیلے رئیسانی، شاہوانی، محمد شاہی، بنگل زئی اور لہڑی وغیرہ ہیں۔ ان کا سرغنہ رئیسانی سردار ہوتا ہے۔ دوسرا گروہ قلات کے جنوبی علاقے میں رہتا ہے جس کو جھلاوان کہتے ہیں۔ اس گروہ میں بھی کئی قبیلے ہیں مثلاً ظہری، منگل، میرواری، محمد حسنی وغیرہ۔ ان کا سربرآوردہ ظہری سردار ہوتا ہے۔ اور ان دونوں گروہ کی پیشوائی "خانِ معظم بگلر بیگی والیٔ قلات" کرتے ہیں۔

بلوچستان کے دوسرے قبیلوں کی طرح بروہی قبیلے بھی فرقوں اور ٹولیوں میں بٹے ہوتے ہیں۔ ہر فرقہ اور ہر ٹولی کا اپنا اپنا لیڈر ہوتا ہے۔ بلوچوں کی طرح بروہی قبیلوں کی تشکیل میں بھی قرابت سے زیادہ جنگی رفاقت کا عنصر کام کرتا ہے۔

بلوچ کے مقابلے میں بروہی زیادہ سورما نہیں ہوتے لیکن ان میں بعض امتیازی خوبیاں بھی ہیں۔

بلوچوں کی طرح بروہی بھی بڑے مہمان نواز ہوتے ہیں۔ ان کا دیرینہ مشغلہ گلہ بانی کے ساتھ خانہ بدوشی بھی ہے مگر رفتہ رفتہ یہ دوسرے مشغلوں کو بھی اختیار کر رہے ہیں۔

افغان بلوچ اور بروہی باشندوں کے علاوہ بلوچستان میں

افغان بھی رہتے ہیں اور ان کی تعداد کچھ کم بھی نہیں۔ تاریخی اعتبار سے افغانوں کا اصل وطن کوہِ سلیمان خصوصاً تخت سلیمان کا مغربی دامن ہے۔ یہ علاقہ بلوچستان کی شمال مشرقی سرحد پر واقع ہے۔ ساتویں صدی کے اوائل میں یہ افغان بلوچستان کی ژوب وادی میں پھیلے ہوئے تھے اور اس کو اپنا اڈہ بنا کر ہر طرف پھیل رہے تھے۔ گیارہویں صدی کی ابتدا تک وہ ملتان پہنچ گئے۔ ان کے دو قبیلوں۔ لودھی اور سوری ۔ نے دلی کے تاجدار بھی پیدا کئے۔ اٹھارہویں صدی میں نادر شاہ اور احمد شاہ دونوں نے وادیٔ ژوب کو اپنا نشانہ بنایا۔ احمد شاہ نے ژوب اور آس پاس کی چند دوسری وادیوں کو افغانوں کے جوگی زئی خاندان کو بخش دیا۔

پہلی جنگ افغان کے وقت انگریزوں کو وادیٔ ژوب کے ان افغان باشندوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ان میں سے ایک شخص شاہجہاں تھا جو انگریزوں کا سخت دشمن تھا۔ چنانچہ انگریزوں کو اس سے اکثر مقابلہ کرنا پڑا۔ اور بار ہا شکست کھانی پڑی۔ جنگِ افغان کے بعد بلوچستان کا ایک پرانا ضلع تھل انگریزوں کے قبضے میں آگیا مگر شاہجہاں اور اس کے مٹھی بھر ساتھیوں نے انگریزوں کو یہاں بھی آرام کی نیند سونے نہ دیا۔ آخرکار انگریزوں نے پورے طور پر مسلح ہو کر وادیٔ ژوب پر چڑھائی کر دی۔ یہ ۱۸۸۴ء کی بات ہے۔ ۱۸۹۰ء میں یعنی چھ سال بعد انگریزوں نے ژوب میں اپنی پولیٹیکل ایجنسی قائم کر لی!

افغان ماہر نسبیات کا کہنا ہے کہ ان کا سلسلۂ نسب ملک طالوت سے

ملتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ملک طالوت کا گھر کوہ سلیمان کے ٹھیک مغرب میں تھا۔ بلوچستان کے اس علاقے کو کاکر خراسان کہا جاتا ہے۔ ملک طالوت کی ۳۷ ویں پشت میں ایک شخص قیس عبدالرشید تھا۔ اس کے تین بیٹے تھے۔ گرگشت، سرابن، اور بیطان! یہی تینوں تمام افغان قبائل کے جدامجد کہلاتے ہیں۔

گرگشت کے تین بیٹے تھے۔ پہلا سنڈو جس نے سنڈو خیل قبیلہ قائم کیا۔ دوسرا بابی۔ اس قبیلے کے کچھ افراد کوئٹہ پشین اور قلات میں ملتے ہیں۔ تیسرا بیٹا داآئی کہلاتا ہے۔ اگرچہ خود اس کے نام پر کوئی قبیلہ نہیں لیکن اس کی نسل سے دو قابل ذکر قبیلے نکلے۔ ایک تو کاکر اور دوسرا پنی قبیلہ جس کو پنری بھی کہتے ہیں۔ کاکر قبیلے کے تین فرقے پائے جاتے ہیں۔ حسب دستور ہر فرقے کی کئی کئی ٹولیاں ہیں۔ کاکر افغانوں کی کثیر تعداد ژوب، کوئٹہ پشین، اور لورالائی کے اضلاع میں پائی جاتی ہے۔ پنی قبیلے میں وادیٔ ژوب کے موسیٰ خیل اور سیبی کے پنی شامل ہیں۔

قیس عبدالرشید کے دوسرے بیٹے سرابن کی اولاد میں سے کچھ "زمند" کہلاتے ہیں جو پشین کے آس پاس رہتے ہیں۔ کچھ کاسی کے نام سے مشہور ہیں۔ ان میں سے یوسف زئی بھی ہیں۔ ان کے علاوہ اس گروہ میں ترین، شیرانی، بریچ، اور چند دوسرے قبیلے بھی شامل ہیں۔ تعداد کے اعتبار سے ترین قبیلہ سب سے زیادہ اہم ہے۔ یہ قبیلہ لورالائی، سیبی اور کوئٹہ پشین میں چھایا ہوا ہے۔

بیطان کی اولاد میں سے بلوچستان کے مستقل باشندے بہت ہی کم تعداد میں ہیں۔ ان میں سے غلزئی خانہ بدوش بلوچستان کے "عارضی باشندے" کہے

جاسکتے ہیں۔ ایسے خانہ بدوش افغان قبیلے بلوچستان کی سرحد کے اس پار شمال میں رہتے ہیں۔ موسم سرما میں یہ قبیلے اپنے اپنے مسکن سے نکل جاتے ہیں اور دوسری وادیوں میں پناہ لیتے ہیں۔ چنانچہ اس سالانہ نقل وطن میں کچھ وادیٔ ژوب کو اپنی عارضی سکونت گاہ بنا لیتے ہیں۔

بلوچی اور براہوی قبیلوں کی طرح افغان قبیلہ بھی فرقوں اور ٹولیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ مگر ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ افغان قبیلہ "یک جدی" اصول پر تشکیل پاتا ہے۔ بلوچی اور براہوی قبیلوں کے سلسلے میں ہم یہ عرض کر چکے ہیں کہ ان کے یہاں قبیلے کی تشکیل میں خارجی عناصر کو جذب کر لینے کا عمل زیادہ نمایاں رہتا ہے۔ اگرچہ افغان قبیلوں میں بعض "ہمسائے" بھی ملتے ہیں۔ "ہمسایہ" سے کوئی ایسا قبیلہ مراد ہے جو قربت مکانی کی بدولت معاشی، اجتماعی اور دوسرے میل جول کا مستحق بن جاتا ہے۔ مگر یہ ہمسائے افغان قبیلوں کے اجزائے ترکیبی نہیں بنتے —— ہمسایہ بہر حال ہمسایہ ہی ہوتا ہے۔ "یک سایہ" تو نہیں ہوتا!!

ایک دوسرا بنیادی فرق یہ ہے کہ ہر بلوچ قبیلے کا ایک مسلّمہ سردار ہوتا ہے اور قبیلے کے دوسرے سربرآوردہ یعنی "مقدم"، "وڈیرہ" وغیرہ اس سردار کے ماتحت ہوتے ہیں۔ لیکن افغان قبیلے میں یہ حسن تنظیم مفقود ہوتا ہے۔ افغان قبیلے میں یہ ہوتا ہے کہ ہر فرقے اور ہر ٹولی سے ایک ایک فرد جو سبھوں سے زیادہ ممتاز نظر آتا ہے، منتخب کر لیا جاتا ہے۔ بلوچوں کے یہاں قبیلے کی سرداری عموماً موروثی اصول پر چلتی ہے مگر افغانوں میں ایسا نہیں ہوتا۔

افغانوں کے ڈیل ڈول اور چہرے مہرے سے شاید ہی کوئی شخص ناواقف ہو۔ یہ لوگ بڑے قد آور، چوڑے چکلے، اور تیکھے نقشے والے ہوتے ہیں۔ ان کے چہرے کی سرخ رنگت، اور گھنے گھنے ابرو سے درشتی ٹپکتی ہے۔ دیکھنے میں بے حد استوار معلوم ہوتے ہیں۔ شجاعت میں بلوچ افغانوں سے کم نہیں ہوتا مگر نسبتاً صلح پسند ہوتا ہے۔ غیر مشروط مہمان نوازی ہر بلوچ کے لئے ایک مقدس فریضہ ہے۔

ان باشندوں کے علاوہ بلوچستان میں کچھ ایسے باشندے بھی ہیں جو مندرجہ بالا کسی صف میں نہیں آتے۔ یا جن کی منفرد حیثیت صرف ثانوی درجہ رکھتی ہے۔ اس قسم کے باشندوں میں بلوچستان کے سیّد خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کا کوئی قبائلی نظام نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ منتشر گروہ میں رہتے ہیں مثلاً حسینی سید، بخاری سید، بدار، مودودی، قریشی وغیرہ۔ جسمانی مماثلت اور عادات و اطوار کی ہم رنگی کے سبب ان میں سے اکثر افغان معلوم ہوتے ہیں۔ مگر یہ افغان نہیں ہوتے۔

بلوچستان قدیم کی ایک جھلک

بلوچستان کی تاریخ کا مطالعہ کرتے وقت کچھ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہم ایک چھوٹے سے پُرسکون جزیرہ میں کھڑے ہیں، ہمارے چاروں طرف دور دور تک سمندر کی اُبھرتی ڈوبتی موجوں کا شور برپا ہے، یہ اُبھرتی ڈوبتی موجیں ہر طرف سے دوڑتی ہوئی ہمارے جزیرہ تک پہنچ رہی ہیں لیکن جزیرہ تک آتے آتے ان کا سارا زور ختم ہو جاتا ہے اور جب کبھی کبھار سرکش موجیں جزیرہ کو روندتی، اِدھر سے اُدھر نکل جاتی ہیں تو اس کا دیرینہ سکون بھی ایک ہلچل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ مگر یہ ہلچل فوراً ہی ختم ہو جاتی ہے۔ جزیرہ پر پھر وہی سکون، وہی سکوت چھا جاتا ہے!

تاریخ کے متلاطم سمندر کے بیچوں بیچ بلوچستان کا یہ "جزیرہ" مغربی پاکستان کی قدرتی ہیئت کا ایک دلفریب پہلو ہے۔ اس سطح مرتفع پر جو ایک

ہزار سے لے کر تین ہزار فٹ تک بلند ہے کھڑے ہو کر دیکھیے تو شمال کی نظر افغانستان سے گذرتی ہوئی ترکستان تک پہنچ جائے گی۔ یہ وہی خطہ ہے جو غالباً قوم آریہ کا ابتدائی مسکن تھا۔ آریہ، ساکا، کوشان، تاتار، منگول وغیرہ اسی خطہ سے نکل نکل کر ایران و ہندوستان میں داخل ہوتے تھے۔ بخارا، سمرقند، مرو، اور بلخ اور جیحون و سیحون کے دریا آج تک ان کی عظمت رفتہ کی داستان سناتے ہیں۔ اس سے کچھ ادھر عین بلوچستان کی شمالی سرحد پر کابل، غزنی، اور قندہار کا علاقہ ایک دوسرا عرصہ محشر بنا رہا ہے۔ یوں کہنے کو تو یہ ایک کہستانی خطہ ہے بہت بلند اور دشوار گذار، لیکن مختلف اقوام کے فاتح لشکروں کی پیہم آمد و رفت نے اس کو اتنی بار روندا ہے کہ یہ دشوار گذار بلندیاں بھی ہموار پستیاں بن گئی ہیں۔ مغرب کی سمت نظر اٹھایئے تو خاران اور مکران کو عبور کرتے، ایران سے گذرتے ہوتے، آپ آرمینیا پہنچ جائیں گے۔ دو ڈھائی ہزار سال قبل مسیح آرمینیا میں یراد تہ یا ارارت نام کی ایک سلطنت تھی۔ اس کے مشرق میں سرزمین عراق کی قدیم سلطنتوں یعنی سمیری، اکاد، بابل اور آشور کی ہم عصر اور حریف، عیلامی سلطنت تھی۔ آلِ عیلام فنا ہو گئے تو ان کی جگہ میڈیا کو عروج نصیب ہوا۔ پھر یکے بعد دیگرے بلوچستان کے اس مغربی کنارے ہخامنشی، یونانی، اشکانی، اور ساسانی پرچم لہرائے۔ آخر کار اس سرزمین پر اسلام کا آفتاب طلوع ہوا جو کتنے ہی بادلوں سے گذرنے کے باوجود آج بھی جوں کا توں جگمگا رہا ہے۔
اب جنوب میں بحرِ عرب کی طرف سے نظریں اٹھا کر مشرق کی طرف دیکھیں

بلوچستان قدیم کی ایک جھلک

بلوچستان کی تاریخ کا مطالعہ کرتے وقت کچھ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہم ایک چھوٹے سے پُرسکون جزیرہ میں کھڑے ہیں، ہمارے چاروں طرف دور دور تک سمندر کی اُبھرتی ڈوبتی موجوں کا شور برپا ہے، یہ اُبھرتی ڈوبتی موجیں ہر طرف سے دوڑتی ہوئی ہمارے جزیرہ تک پہنچ رہی ہیں لیکن جزیرہ تک آتے آتے ان کا سارا زور ختم ہو جاتا ہے اور جب کبھی کبھار سرکش موجیں جزیرہ کو روندتی، اِدھر سے اُدھر نکل جاتی ہیں تو اس کا دیرینہ سکون بھی ایک ہلچل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ مگر یہ ہلچل فوراً ہی ختم ہو جاتی ہے۔ جزیرہ پر پھر وہی سکون، وہی سکوت چھا جاتا ہے!

تاریخ کے متلاطم سمندر کے بیچوں بیچ بلوچستان کا یہ "جزیرہ" مغربی پاکستان کی قدرتی ہیئت کا ایک دلفریب پہلو ہے۔ اس سطح مرتفع پر، جو ایک

ہزار سے لے کر تین ہزار فٹ تک بلند ہے کھڑے ہو کر دیکھئے تو شمال کی نظر افغانستان سے گذرتی ہوئی ترکستان تک پہنچ جائے گی۔ یہ وہی خطہ ہے جو غالباً قوم آریہ کا ابتدائی مسکن تھا۔ آریہ، ساکا، کوشان، تاتار، منگول وغیرہ اسی خطہ سے نکل کر ایران و ہندوستان میں داخل ہوتے تھے۔ بخارا، سمرقند، مرو، اور بلخ اور جیحون و سیحون کے دریا آج تک ان کی عظمت رفتہ کی داستان سناتے ہیں۔ اس سے کچھ ادھر عین بلوچستان کی شمالی سرحد پر کابل، غزنی، اور قندھار کا علاقہ ایک دوسرا عرصہ محشر بنا رہا ہے۔ یوں کہنے کو تو یہ ایک کہستانی خطہ ہے بہت بلند اور دشوار گذار، لیکن مختلف اقوام کے فاتح لشکروں کی پیہم آمد و رفت نے اس کو اتنی بار روندا ہے کہ یہ دشوار گذار بلندیاں بھی ہموار پستیاں بن گئی ہیں۔ مغرب کی سمت نظر اٹھایئے تو خاران اور مکران کو عبور کرتے، ایران سے گذرتے ہوتے، آپ آرمینیا پہنچ جائیں گے۔ دو ڈھائی ہزار سال قبل مسیح آرمینیا میں یراوتہ یا ارارت نام کی ایک سلطنت تھی۔ اس کے مشرق میں سرزمین عراق کی قدیم سلطنتوں یعنی سمیری، اکاد، بابل اور آشور کی ہم عصر اور حریف، عیلامی سلطنت تھی۔ آلِ عیلام فنا ہو گئے تو ان کی جگہ میڈیا کو عروج نصیب ہوا۔ پھر یکے بعد دیگرے بلوچستان کے اس مغربی کنارے ہخامنشی، یونانی، اشکانی، اور ساسانی پرچم لہرائے۔ آخر کار اس سرزمین پر اسلام کا آفتاب طلوع ہوا جو کتنے ہی بادلوں سے گذرنے کے باوجود آج بھی جوں کا توں جگمگا رہا ہے۔

اب جنوب میں بحرِ عرب کی طرف سے نظریں اٹھا کر مشرق کی طرف دیکھیں

توسندھ اور پنجاب کے سنہرے میدانوں کے چہروں پر تاریخ کی نقاب کچھ اس طرح جھلملائے گی کہ آپ اور ہم اس کی تجلیوں کا صحیح اندازہ بھی نہیں لگا سکیں گے!

یہ ہے بلوچستان کا گرد و پیش جس کے پس منظر میں اس کی مرکزی اہمیت خود بخود آشکارا ہو جاتی ہے۔ "مرکزیت" سے مراد یہ نہیں کہ بلوچستان کوئی تاریخی چوراہہ ہے، جدھر سے جس کا جی چاہے چلا آئے، دوسروں سے ٹکرائے، قیامت برپا کرے اور اس پر اپنا قبضہ جمائے۔ بلوچستان کی مرکزیت میں بھی ایک انفرادیت پائی جاتی ہے اور یہی انفرادیت تاریخ کے ہر دور میں اس کی ممتاز خصوصیت رہی ہے۔ اس امر کو ذہن نشین کرنے کے لئے افغانستان یا بھارت کے گنگا جمنی میدان کو لیجئے۔ افغانستان اور بھارت کے اس خطے کی کوئی تاریخی انفرادیت، کوئی علیحدہ مزاج اور لب و لہجہ نہیں۔ خالص تاریخی اعتبار سے یہ دونوں صرف آئینے ہیں جو تاریخ کے اتار چڑھاؤ کی عکاسی کرتے ہیں اور بس آئینے صرف عکاسی ہی کر سکتے ہیں ان کی سطح سے جاندار تخلیقی نقوش نہیں ابھر سکتے۔ اس کے برعکس بلوچستان کا ایک اپنا نقش ہے، اس کے باشندوں کا ایک مخصوص تاریخی مزاج ہے، ان کی ایک علیحدہ آواز اور امتیازی روایت بھی ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ بلوچستان پر بھی آس پاس کے علاقوں نے اپنا عکس ڈالا ہے مگر اس کی نوعیت بالکل ایسی ہے جیسے کسی دشت نورد کے چہرہ پر گرد کی تہہ! ایسا کیوں ہے؟— تاریخ کے طوفانی گردابوں میں گھرے رہنے کے باوجود بلوچستان ایک پرسکون جزیرہ کی طرح کیونکہ قائم رہا ہے؟ اس کا جواب ہم مختصراً یوں دے سکتے ہیں

کہ بلوچستان کی انفرادیت اس کی قدرتی تعمیر و تشکیل کا نتیجہ ہے، ہزاروں فٹ اونچے پہاڑوں کا چوطرفہ حصار، ان کے عمیق، تنگ، پیچدار اور پرخطر درّے، چھوٹی بڑی وادیاں اور دو وادیوں کے درمیان سنگلاخ چٹانوں کی پھر ویسی ہی اونچی اونچی دیواریں، پتھریلے میدان اور جھلسے ہوئے صحرا، بے آب دریا اور گمنام چشمے، وہ چند قدرتی عناصر ہیں، جنہوں نے بلوچستان کو بیرونی حملہ آوروں کے بے روک استحصال سے بڑی حد تک محفوظ کر کے اس کے باشندوں کو ایک پرامن گہوارۂ حیات عطا کیا ہے۔ سیاسی اعتبار سے بلوچستان پر کبھی ایران کا سایہ پڑا کبھی سندھ کا لیکن یہ سائے گذرتے ہوئے بادلوں کے سائے تھے۔ آئے اور چلے گئے۔ ان وادیوں اور صحراؤں پر ان کا اثر تک نہیں ہوا اگر ہوا بھی تو بادلوں کے ساتھ رخصت ہو گیا اور پھر وہی نتھری چٹان، وہی سجل ریت، وہی نرم زمین اور نیلا آسمان نظر آنے لگا۔

بلوچستانِ قدیم کی غیر نوشتہ تاریخ چار ہزار سال قبل مسیح سے شروع ہوتی ہے۔ جب یہاں آج کی بہ نسبت زیادہ بارش ہوتی تھی اور یہ علاقہ بھی ایک "کشمیر" تھا۔ اس عہد کہن کے تاریخی نقوش مدفون اور نیم مدفون کھنڈرات کی صورت میں کہیں کہیں اب بھی باقی ہیں۔ ایسے کھنڈروں کا ایک سلسلہ بلوچستان کے شمال مشرقی گوشہ سے لے کر جنوب مغربی سرحد تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کے تقابلی مطالعہ کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ژوب اور اس کی قریبی وادیاں بلوچستان کی تاریخ کی سب سے پرانی خلوتیں ہیں۔ ژوب کے ایک مقام

رانہ غنڈئی میں آثار کی پانچ تہیں کھودی گئی ہیں۔ سب سے نچلی تہہ سے جو چیزیں دستیاب ہوتی ہیں۔ ان کو دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ یہ جگہ خانہ بدوش قبائل کے پڑاؤ یا قیام گاہ کا کام دیتی تھی۔ کچھ عرصہ بعد یہاں کچھ نئے لوگ آئے اور مستقل طور پر یہیں بس گئے۔ ان کے بود و ماند کے آثار نچلی تہہ کے اوپر یعنی دوسری تہہ سے ملتے ہیں۔ اسی زمانہ اور اسی نوعیت کے نشانات وادی ژوب میں بھی دوسرے مقامات سے دستیاب ہوتے ہیں۔ رانہ غنڈئی کے یہ نو وارد کون تھے۔ اور کہاں سے آئے تھے۔ اس کا قطعی جواب کوئی بھی نہیں دے سکتا اتنا ضرور ہے کہ یہ لوگ مدنی زندگی بسر کرتے تھے یعنی بستیاں بنا کر گھروں میں رہنے سہنے لگے تھے۔ شاید گلّہ بانی کے ساتھ تھوڑی بہت کھیتی باڑی بھی کر لیتے تھے اور چاک پر کچّی مٹّی کے برتن بناتے تھے جو "پھیکی رنگینی" اور "سادہ نقش کاری" کے حامل ہوتے تھے۔ ماہرین آثار قدیمہ کا خیال ہے کہ رانہ غنڈئی کا یہ دوسرا دور عہد ہڑپہ سے بھی زیادہ قدیم ہے۔ کیونکہ اس کا زمانہ چار ہزار قبل مسیح معلوم ہوتا ہے۔ اس کے بعد رانہ غنڈئی کے تیسرے دور کی تین ثانوی تہیں ملتی ہیں جن سے ۳ ہزار قبل مسیح سے لے کر ۲ ہزار قبل مسیح یعنی ایک ہزار سال کی مدنی زندگی کا ارتقائی عکس جھلکتا ہے اس دور کی آخری صدیوں کے آثار فورٹ سینڈمن کے پاس سے بھی دستیاب ہوتے ہیں۔ لورالائی کے کھنڈر بھی ژوب کے دوسرے اور تیسرے دور کے زمانہ ہی کے ہیں۔ اس تیسرے دور سے ژوب اور آس پاس کی وادیوں میں ہڑپہ کی تہذیب کے اثرات بکثرت نظر آنے لگتے ہیں۔ گویا ایک ڈیڑھ ہزار سال تک الگ تھلگ رہنے کے بعد بلوچستان کا یہ حصہ اپنے مشرقی ہمسائے

سے واضح تعلقات پیدا کر لیتا ہے مگر تیسرے دور کے اختتام پر ارتقا کا یہ خاموش سلسلہ اچانک ٹوٹ جاتا ہے اور تباہی بربادی، لوٹ مار کے نشانات اُبھر آتے ہیں۔

اب ذرا وادی ژوب کے جنوب مغرب پر نظر ڈالئے، کوئٹہ اور درہ بولان سے لے کر ریاست قلات کے صوبہ جھالاوان میں نال سے ہوتے ہوئے ننداره، کولوا اور دریائے کیچ کور (مکران) کے سرچشمہ تک کھنڈروں کا ایک طویل سلسلہ ملتا ہے جو مجموعی طور پر ژوب کے تیسرے دور کا ہمعصر ہے۔ یعنی یہ ۳ ہزار اور ۲ ہزار قبل مسیح کے درمیانی عہد سے تعلق رکھتا ہے۔ اسی دور کے آثار لس بیلہ سے بھی دریافت ہوتے ہیں۔ جنوب مغربی گوشہ میں یعنی کولوا کے گرد و نواح سے لے کر دریائے دشت تک کچھ ایسے آثار بھی پائے جاتے ہیں جو مندرجہ بالا گروہ سے معمولی فرق رکھتے ہیں اور نسبتاً جدید ہیں۔ وسطی اور جنوب مغربی بلوچستان کے ان آثار میں جزوی اختلافات کا سب سے نمایاں ثبوت ان ٹھیکروں کے مختلف اسالیب میں ملتا ہے جو ان مقامات سے دستیاب ہوتے ہیں۔ ایک دوسرا فرق یہ نظر آتا ہے کہ وسطی بلوچستان میں مقامی رنگ بہت نمایاں ہے لیکن جنوب مغربی بلوچستان میں مقامی رنگ پر ہڑپہ کا تہذیبی رنگ غالب ہے۔

تاریخ کے اس دور میں اہل بلوچستان کی عام زندگی کی ٹھیک ٹھیک تصویر تو پیش نہیں کی جا سکتی۔ لیکن ایک ادھورا تصور ضرور مرتب کیا جا سکتا ہے۔ اس دور میں وسطی بلوچستان کے باشندے اپنی اپنی وادیوں میں چھوٹے چھوٹے گاؤں بسا کر رہتے تھے۔ یہ لوگ پتھر کی چوکور سلوں کو گارے میں دبا دبا کر مکان بنا لیتے تھے۔

ہر مکان ایک دو کمروں پر مشتمل ہوتا تھا۔ مکانوں کی دو طرف قطاروں کے درمیان چھ سات فٹ چوڑی "سڑک" چھوڑی جاتی تھی۔ لوگوں کا عام پیشہ کھیتی باڑی تھا۔ ضرورت کے لئے تانبے کی کلہاڑی اور دوسرے آلات بھی تیار کر لئے جاتے تھے اس کے لئے خام تانبا انہیں خود بلوچی پہاڑوں سے مل جاتا تھا۔ اعلیٰ قسم کے گلی ظروف کے علاوہ مختلف قسم کے پتھروں کے گول اور نکیلے ٹکڑوں کے منکے اور چینی کی چیزیں خصوصاً زیورات، ان کی اہم صنعتیں تھیں۔ ان کی چھوٹی چھوٹی منتشر بستیوں میں نہ تو کوئی محل ہوتا تھا نہ معبد۔ جب کوئی مر جاتا تھا تو یہ لوگ اس کو مٹی کے ظروف، کلہاڑی، بھیڑ بکریوں کی ہڈیوں اور "جواہرات و زیورات" کے ساتھ زمین میں گاڑ دیتے تھے۔ یہ چیزیں مرنے والے کا "اثاثہ لحد" ہوتی تھیں۔ شمال مشرقی بلوچستان یعنی وادی ژوب اور وسطی بلوچستان کے باشندوں کی تہذیب کا یہ فرق قابل ذکر ہے کہ اول الذکر علاقہ میں مردوں کو عام طور پر جلا دیا جاتا تھا۔

جنوب مغربی بلوچستان کے وہ آثار قدیمہ جن پر ہڑپہ کلچر کی چھاپ پائی جاتی ہے "کلی کلچر" سے موسوم کئے جاتے ہیں اس کلچر کی سب سے اہم یادگار پکائی ہوئی مٹی کے وہ چھوٹے چھوٹے مجسمے ہیں جو تقریباً ہر مقام سے برآمد ہوئے ہیں۔ ان میں اکثر تو گائے بیل کے مجسمے ہیں لیکن زیادہ تعداد مورتیوں کی ہے ان کے مصرف یا استعمال کے متعلق تو کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن ایک ہی قسم کی ان "تصویروں" کو تھوڑی دیر تک غور سے دیکھتے رہیئے تو ایسا معلوم ہوگا جیسے گہرے سانولے یا کالے رنگ، بھرے بھرے ہونٹوں، دوشیزہ سینوں والی ایک

"جیتی جاگتی" عورت پتلی کمر پر ہاتھ رکھے آپ کے سامنے کھڑی ہے۔ کلائیوں پر چوڑیاں اور بازوؤں پر "بازوبند" یا "جوشن" پہنے ہوئے ہے۔ گلے میں کئی کئی لڑیوں کا ہار پڑا ہوا ہے اور بالوں کو یوں آراستہ کر رکھا ہے کہ سامنے کی طرف ایک بل کھائی ہوئی اونچی لہر بن گئی ہے۔ باقی کو ایک چوڑی تہہ کی صورت میں گردن پر چھوڑ دیا ہے۔ غور کیجئے۔ آج سے کوئی ساڑھے چار ہزار سال پہلے کی یہ "مکرانی خاتون" کتنی "فیشن ایبل" نظر آتی ہے!

اس عہد کے تاریخی عالمی پس منظر کو سامنے لایئے تو اس خاتون کی آرائش و زیبائش جس تہذیبی ارتقا کی غمازی کر رہی ہے اس کا سبب سمجھ میں آنے لگتا ہے۔ اس کے مغرب میں عیلامی، سمیری، اور مشرق میں اہل ہڑپہ و موئن جو دڑو کا آفتاب اقبال نصف النہار پر پہنچا ہوا تھا۔ ان آفتابوں کی لمبی لمبی روپہلی سنہری شعاعیں جنوب مغربی بلوچستان پر یوں پڑ رہی تھیں کہ خود یہ ایک چھوٹا سا آفتاب معلوم ہوتا تھا مشرق سے وادی سندھ کے تاجروں کے قافلے خشکی کی راہ سے جنوب مغربی بلوچستان آ کر اپنا سامان فروخت کرتے تھے۔ مکرانی تاجر اس سامان کے ساتھ کچھ اپنا مخصوص سامان تجارت لے کر خلیج فارس کو کشتیوں سے عبور کر کے سمیریا تک پہنچتے تھے۔ یہاں سے خرید و فروخت کر کے دیالہ کا رخ کرتے تھے جو بغداد کے پاس واقع تھا۔ دیالے سے وہ مری چلے جاتے جو شام کی سرحد پر تھا اور پھر اسی راہ سے مکران واپس آ جاتے! ——— ماری یا مری، دیالہ اور اُر کے علاوہ جو ان کی تجارت کے خاص خاص مراکز تھے۔ غالباً یہ لوگ اپنا

سامان عیلام کے پایہ تخت سوسٔش کے بازار میں بھی پہنچاتے تھے۔ ان قدیم مکرانی تاجروں کی نظر میں سوپٹامیہ یعنی وادی عراق کو جو اہمیت حاصل تھی۔ اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ سمیریا میں ان کی ایک مختصر چھوٹی سی مستقل نوآبادی تھی۔ مکران اور سمیریا کے یہ تجارتی تعلقات تقریباً ۳۰۰۰ قبل مسیح ہی میں مستحکم ہو چکے تھے۔ اس وقت موئن جو دڑو وغیرہ کے تاجروں کا اس میں کوئی دخل نہیں ہوا تھا کیونکہ وادی سندھ اور سمیریا کے تجارتی تعلقات کا پتہ ۲۵۰۰ قبل مسیح کے بعد سے ملتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس سے پہلے مکران کی برآمدی تجارت کن چیزوں پر مشتمل تھی۔ اس کے جواب میں ہم پھر خاموشی اختیار کر لینے پر مجبور ہیں۔ تاہم مری، اُر، اور کیش سوپٹامیہ اور سوسٔش وغیرہ کے آثار سے جو کچھ دریافت کیا جاسکا ہے وہ یہ ہے کہ مکران کی برآمدات میں قیمتی مسالے، مختلف قسم کی خوشبودار چیزیں اور حجری و گلی ظروف بڑی اہمیت رکھتے تھے۔

۲۵۰۰ قبل مسیح کے بعد موئن جو دڑو کے تاجروں نے بلوچستان کی طرف بڑھنا شروع کیا اور ۲۳۰۰ قبل مسیح تک انہوں نے سمیریا سے اپنے تعلقات قائم کر لئے۔ مغرب کی طرف ان کی آخری تجارتی چوکی ستکاگن ڈور تھی جو دریائے دشت کے مشرقی کنارے پر ساحل کے قریب ہی واقع تھی۔ قدرتی طور پر مکران کے تاجروں کی وہ پہلی حیثیت برقرار نہ رہ سکی۔ لیکن اس کا ایک دوسرا اہم نتیجہ یہ ہوا کہ جنوب مغربی بلوچستان کے علاوہ وسطی بلوچستان کا ایک وسیع علاقہ وادی سندھ کی بعض اہم ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے کھل گیا۔ اور بلوچستان سے رال، سنگ جراحت

اور غالباً ایک قسم کی ابرق بھی وادی سندھ میں درآمد ہونے لگی تھی موئن جو دڑو والے فارس سے جو خام چاندی، سونا، ٹین اور سیسہ وغیرہ منگاتے تھے غالباً وہ بھی بلوچستان ہو کر وہاں پہنچتا تھا۔ اس کے علاوہ وادی سندھ میں جنوبی بلوچستان سے ایک اور اہم شے بھی برآمد کی جاتی تھی اور وہ حسین کنیزیں تھیں۔

وادی سندھ میں ترکستان اور افغانستان سے بھی تجارتی کارواں آتے تھے۔ یہ عموماً وسطی بلوچستان سے ہو کر درۂ مولا سے میدان سندھ میں آتے اور پھر جنوب کی طرف مڑ کر کرتھار کے کنارے کنارے چلتے ہوئے جوہی جا پہنچتے تھے۔ یا پھر نال اور وادی مشکی کی طرف سے نمودار ہو کر پھوسی اور روہل کے دروں کے راستے میدان میں وارد ہوتے تھے۔ ان دو قدیم تجارتی راستوں کے علاوہ ایک تیسرا اہم راستہ دریائے گاج کے ساتھ ساتھ بھی تھا۔

وادی سندھ ۳ ہزار قبل مسیح میں دو عظیم سلطنتوں کا گہوارہ تھی۔ ایک ہڑپہ کی سلطنت جو راوی کے مشرقی کنارے واقع تھی۔ اور دوسری موئن جو دڑو کی سلطنت جس کے پُرعظمت آثار لاڑکانہ کے جنوب میں دریائے سندھ کے مغربی کنارے پر دکھائی دیتے ہیں۔ ہڑپہ اور موئن جو دڑو دراصل ایک واحد عظیم الشان مملکت کے دو ہمعصر پایہ تخت تھے۔ ان کے علاوہ اس میدان میں بے شمار چھوٹے بڑے شہر تھے۔ اگر ہم وادی سندھ کو ایک آسمان تصور کر لیں تو ہڑپہ اور موئن جو دڑو اس کے آفتاب و ماہتاب تھے۔ اور یہ سارے شہر

اس کے جگمگاتے ہوتے ستارے۔ ان ستاروں کا ایک سلسلہ موئن جودڑو کے جنوب میں سندھ کے مغربی کنارے موجودہ کراچی تک کہکشاں کی صورت پھیلا ہوا تھا۔ وسطی اور جنوب مغربی بلوچستان، کرتھار کے دروں کے ذریعہ اس کہکشاں کو مس کرتا ہوا موئن جودڑو کو چھو لیتا تھا۔ اسی طرح شمالی بلوچستان میں وادئ ژوب، کوہ سلیمان کے زینوں سے اتر کر، ہڑپہ سے بغل گیر ہو جاتی تھی۔ یہاں وادئ سندھ اور بلوچستان کے ایک دلکش تضاد کو بھی پیشِ نظر رکھتے۔ ہمارا بلوچستان چھوٹی چھوٹی منتشر اور کم و بیش بے تعلق زرعی آبادیوں کا مجموعہ تھا اور میدان سندھ ایک وسیع و عریض، متحد، شہری تہذیب کا گہوارہ! یہ دو الگ الگ تاریخی و تہذیبی خطے نہیں تھے بلکہ دو روشن متوازی لکیریں تھیں جن کو پاکستانی علاقہ کے قدیم باشندوں نے اس برصغیر کی تاریخ کے پہلے صفحہ پر کھینچا تھا۔

ژوب کے ان آثار کا ذکر کرتے ہوتے جو رانہ غنڈئی میں پائے جاتے ہیں۔

ہم نے کہا تھا کہ اس کے تیسرے دور کے اختتام پر یعنی سنہ ۲ ہزار قبل مسیح کے قریب تباہی، بربادی، اور لوٹ مار کے نشانات ملتے ہیں۔ اس عہد میں اسی قسم کے آثار دوسری جگہ بھی ملتے ہیں۔ ان بربادیوں کے آثار نہیں جو دریاؤں کی عارضی طغیانی، تبدیل آب و ہوا اور وباؤں وغیرہ کے سبب ترک سکونت سے نظر آتے ہیں۔ ان کی تہہ میں بربریت کی ایک المناک داستان چھپی ہوئی معلوم ہوتی ہے کیونکہ رانہ غنڈئی کے علاوہ وسطی بلوچستان بھی اکثر قدیم آثار پر راکھ کا دبا دبا ڈھیر پایا جاتا ہے جیسے کسی نے گاؤں کے گاؤں جلا کر خاک کر ڈالے ہوں۔ اگر آپ نال کے

کھنڈر کو غور سے دیکھیں تو آپ کو اس کی زمین تک آگ میں جل جانے کے سبب سرخ نظر آئے گی۔ چنانچہ اس کا نام ہی سور ڈمب یعنی "سرخ کھنڈر" پڑ گیا ہے۔ جنوبی بلوچستان میں کھدائی کا کافی کام نہ ہونے کی وجہ سے اب تک اس پُراسرار آتش زدگی کے نشان نہیں مل سکے۔ لیکن یہاں بھی عام تباہی و بربادی کا ثبوت موجود ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ جس جگہ بھی خاک کے ڈھیر اور راکھ کی تہیں ملتی ہیں وہاں کی بالائی تہہ سے برآمدہ چیزوں کے رنگ ڈھنگ میں ایک بے جوڑ تغیر اور اجنبیت پائی جاتی ہے۔ تربت کے پاس شاہی تمپ کے کھنڈر سے جو سنہ ۲ ہزار قبل مسیح کے لگ بھگ وادئ سندھ کے زیر اثر تھا، ایک اور حیرت انگیز چیز ملی ہے ــــــ ایک کاسۂ سر جو غیر مانوس، بدیسی ہتھیار کے ساتھ زمین میں دفن تھا! ماہرین کے معائنہ سے معلوم ہوا کہ یہ کاسۂ سر کیسپین یا نارڈک نسل کے کسی انسان کا ہے۔ یہ کیسپین نسل کی کھوپڑی والا انسان بلوچستان کیا کرنے آیا تھا؟ یہ کوئی سیاح تھا، تاجر تھا یا حملہ آور؟ اس کا جواب دینے سے پہلے ہمیں اس عہد کے مغربی ایشیا پر ایک طائرانہ نظر ڈالنی ہوگی۔

سنہ ۲ ہزار قبل مسیح کے لگ بھگ کا زمانہ ہے۔ وادئ عراق میں سارگن کا اکادی تخت متزلزل ہے کیوں اس کے بیٹے نارم سن کی موت کے بعد "گوتی" اور دوسرے وحشی قبائل اس کی مملکت میں در آتے ہیں۔ ان وحشیوں کی یلغار اتنی شدید اور مہیب ہے کہ ایک دو صدی بعد اُر کے تیسرے خاندان کا خوفزدہ

وقائع نگار ان کے متعلق یہ الفاظ لکھتا ہے: "وہ غول جن کے حملوں میں آندھی، طوفان کا زور ہے، ایک ایسی قوم جس نے کبھی کسی شہر کی صورت نہیں دیکھی۔" شام میں بھی یہی ہلچل مچ رہی ہے ایشیائے کوچک میں ایک بدیسی سلطنت زور پکڑ رہی ہے۔ ادھر فارس میں حصار کے دور دوم کے نووارد رسوم میں اپنے غیر مانوس تہذیبی عناصر کو مستحکم کر رہے ہیں۔ شمال میں روسی ترکستان سے لے کر بحر کیسپین تک لاتعداد جنگجو قبیلے گشت کر رہے ہیں۔ ان کے پاس گھوڑے ہیں، رتھ ہیں، اور مہلک ہتھیاروں کے ساتھ ملک گیری کا عزم اور فتح مندیوں کا چڑھتا ہوا نشہ بھی ہے اور ان سب کے علاوہ کچھ اور بھی ہے، احساس و ادراک کے نئے سانچے، جذبات اور تخیل کے نئے اسلوب، نیا زاویۂ نگاہ، اور نئی زبان۔"

ان جنگجو، وحشی اور غیر مدنی قبائل کو آپ اب پہچان گئے ہوں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہیں تاریخ "آریہ" کہتی ہے۔ مغربی ایشیا کی طرح بلوچستان کو تاخت و تاراج کرنے والے بھی یہی تھے۔ وسط ایشیا اور جنوبی روس کے گیاہستان سے نکل کر جب "آریہ" ایران میں داخل ہوتے تو آخر الذکر علاقہ سے آنے والے جو "میڈ" کہلاتے ہیں، مملکت یرارتہ کے مغرب میں آباد ہو گئے "میڈیا" انہیں نوواردوں کی آریائی سلطنت تھی۔ پہلے علاقہ سے آنے والے آریہ جو خراسان کے شمال سے آئے تھے، کرمان ہوتے ہوتے فارس پہنچ گئے۔ ان کا تیسرا گروہ باختر سے جنوب مشرق کی سمت مڑا اور ہندوکش کے سلسلوں کو پار کر کے مغربی پنجاب

میں آدھمکا۔ فارس پہنچنے والے آریاؤں کے کئی قافلے مشرق کی طرف مڑ گئے اور پیہم یلغار کرتے ہوئے آراکوشیہ (جنوبی افغانستان) درنجیانہ (جنوبی افغانستان اور شمالی مغربی بلوچستان، سیستان وغیرہ)، اور گدروشیہ (مکران) میں گھس آئے۔ شمالی و جنوبی بلوچستان کے قدیم باشندوں نے ان کا مقابلہ کیا۔ حملہ آوروں نے اس کا جواب شدید تر حملوں سے دیا۔ حملے، دفاعی حملے، دفاع کے جوابی حملے، قتل، غارت گری اور آتش زنی کا یہ سلسلہ کئی صدیوں تک جاری رہا۔ آخر کار بلوچستان کے بے گناہ باشندے ترک وطن کر کے کہیں اور پناہ لینے پر مجبور ہو گئے۔ شمال اور مغرب کی طرف سے تو ان پر حملے ہی ہو رہے تھے، جنوب کی طرف سمندر راستے روکے کھڑا تھا۔ بس ایک مشرق میں وادئ سندھ تھی جو ان کو پناہ دے سکتی تھی۔ چنانچہ یہ مظلوم اور مجروح النسان، نیم جان قافلوں اور نڈھال کاروانوں کے لامتناہی سلسلوں کی صورت میں بولان، مولا، پھوسی اور روہل کے دروں سے گرتے پڑتے میدان سندھ میں پناہ لینے لگے اور ہڑپہ، موہن جو دڑو، اور ان کے "کہکشانی شہروں" نے ان خانماں بربادوں کے لئے امن، محبت اور اخوت کے دروازے کھول دیئے ______ آریاؤں کی اس غارت گری اور بلوچستان کے مظلوم باشندوں کے ساتھ پنجاب و سندھ کی اس محبت آگیں دست گیری و مسیحائی کی یہ تصویر کتنی پرانی ہے۔ مگر اس میں ایک کتنا نیا رنگ پیدا ہے! ہماری تاریخ کتنی نئی ہے مگر اس میں بھی ایک کتنی پرانی صدائے بازگشت پنہاں ہے۔

لیکن بلوچستان کے باشندوں کو سندھ اور پنجاب میں پناہ لینے کے بعد بھی چین نصیب نہیں ہوا۔ سلیمان و کرتھار کی سنگین جھلملی سے آریہ یہ دیکھ رہے تھے کہ سندھ و پنجاب ایک لہلہاتا ہوا فردوس ہے، یہاں لہلہاتے ہوئے کھیت ہیں، گنگناتے ہوئے پُرسکون اور حیات آفریں دریا ہیں اور ان کے مفتوحہ و مقبوضہ بلوچستان میں، جو اس وقت تک فضائی تغیرات کا شکار ہو چکا تھا، صرف بنجر پہاڑ ہیں، ریگستان اور صحرا ہیں۔ اس اختلاف کو دیکھنے اور سمجھ لینے کی دیر تھی کہ آراکوشیہ، درنجیانہ اور گدروشیہ کے آریائی قبیلے ایک نئی تیزی اور تندی کے ساتھ میدان پر حملہ آور ہو گئے۔ موئن جو دڑو اور ہڑپہ یعنی وادیٔ سندھ کی وہ عظیم الشان اور اولین مملکت اپنی قدامت، جمود، اور داخلی انحطاط کا اس حد تک اسیر ہو چکی تھی کہ وہ اس یورش کی تاب نہ لا سکی۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کا شیرازہ بکھر گیا اور اس کے باشندے یا تو لڑتے لڑتے ختم یا مشرق میں گنگا اور جمنا کی وادیوں کی طرف پناہ کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے ــــــ اور ان کے پیچھے پیچھے آریہ بھی بڑھتے رہے!۔

یہ سب کچھ ۲ ہزار اور ۱۵۰۰ قبل مسیح کے درمیان رونما ہوا۔ ایک دو صدی اور گذری تھی، بلوچستان کی گویا کایا ہی پلٹ گئی۔ یعنی یہ آریہ دیس بن گیا ــــــ اس سے پہلے بلوچستان اندھیرے میں روپوش تھا لیکن اس کے بعد تاریخ کی مدھم مدھم جوت اس کے چہرہ پر پڑنے لگی۔ اور کچھ جھلکیاں تاریخ کی اس چلمن سے باہر پڑنے لگیں ■

بلوچستان کی ہیئتی حیثیت

متحدہ ہندوستان کے جو علاقے سیاسی، معاشی اور دیگر غفلتوں کا شکار رہے اور جنہوں نے خاصا نقصان برداشت کیا، ان میں 'بلوچستان' کی محرومیاں سب سے زیادہ تھیں۔ جس کی ایک وجہ اس وقت کے دارالسلطنت سے اس کی دوری، کسی حد تک اس کی جبلی نوعیت اور ایک غیر ملکی حکومت کے لئے یہاں کے باشندوں کا نام نہاد "حریفانہ" رویہ تھا۔ ۱۸۳۹ء اور ۱۸۷۸ء کی جنگ افغان نے بلوچستانی علاقے کی فوجی اہمیت کو مستحکم کر دیا تھا۔ اور انجام کار برطانوی اقتدار قائم ہو جانے کے بعد ترقیاتی سرگرمیاں شروع کر دی گئی تھیں۔ لیکن یہ ترقیاتی سرگرمیاں ہمیشہ برطانوی ہندوستان کے مغربی محاذ اور اس سے منسلکہ وسیع تر دفاعی اقدامات کا حصہ رہیں۔ اور برطانوی حکمرانوں نے یہاں کے عوام کی معاشی اور سماجی بہتری کی شاید ہی کوئی کوشش

کی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ غیر معمولی طور پر یہی سنا جاتا ہے کہ یہی تھے جنہوں نے بلوچستان کو ایک پس ماندہ علاقہ بنا دیا تھا۔

جب ہندوستان تقسیم ہوا تو وہ ایوان کہنہ بھی منہدم ہو گیا، اور بہتر بھی یہی تھا۔ ایک نیا نظام قائم ہوا اور ایک نئی تاریخ کی ابتدا ہوئی۔ لازم ہو گیا کہ سابقہ جغرافیائی پہلو اس کی عملی قدر بدل جائے۔ کل جو پرانے دار الخلافہ دہلی سے بہت دور اور الگ تھا آج نئے دار الخلافہ کراچی سے نزدیک اور قریب ہو چکا تھا۔ پیمائش خطِ مستقیم سے کی جائے تو کوئٹہ، دہلی سے ۷۰۰ میل دور تھا۔ پر اب کراچی سے اس کا فاصلہ ۳۰۰ میل سے بھی کم رہ گیا تھا۔ اور بلوچستان کے باشندوں کا وہ "حریفانہ" رویہ فطری طور پر بدل کر نئی حکومت کی امنگوں سے ہم آہنگ ہو گیا تھا کیونکہ یہ ان کی اپنی حکومت تھی۔ قیام پاکستان کے بعد بلوچستان اب صرف فوجی چوکی نہ تھا۔ اسے پاکستان کے جزوِ لاینفک کی حیثیت حاصل ہو چکی تھی۔ اس طرح یہ کوئی حیران کن بات نہیں کہ بلوچستان ایک نیا طرز زندگی اختیار کر چکا ہے۔ سیاسی اصلاحات نافذ کی جا چکی ہیں۔ اور زرعی، صنعتی و دیگر ترقیات کا عمل جلد ہی شروع ہو جائے گا۔

اس نئے جوش و خروش میں ہو سکتا ہے، ہم ایک بات بھول جائیں۔ یعنی اس خطے اور اس کی فطری ساخت کو۔ ہم بڑے خلوص کے ساتھ اس نئے عہد کو خوش آمدید کہتے ہیں جو بلوچستان میں شروع ہو چکا ہے۔

لیکن ہمیں اپنے آپ کو اور دوسروں کو، یہی یاد دلاتے رہنا چاہئے، جیسا گوپلٹ اپنی کتاب "عہد ناموں کی شفق" میں لکھ گیا ہے۔ وہ لکھتا ہے "کوئی پالیسی سیاسی جغرافیہ کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی اور نہ سیاسی جغرافیہ بغیر طبعی و انسانی جغرافیہ کے"۔

چنانچہ مندرجہ ذیل صفحات میں اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ بلوچستان کی ہیئت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے کیونکہ بلوچستان کو آنے والے "کل کی زمین" کہا جا سکتا ہے۔

مغربی پاکستان سے ہیئتی تعلق

ہیئتی زاویہ نگاہ سے مغربی پاکستان کو دو بڑی اکائیوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ (الف) سندھ اور اس کے معاون دریاؤں کا میدان اور (ب) کوہستانوں اور سطح مرتفع کا ایک جنگل جو حصہ الف کے مغرب اور شمال مغرب میں واقع ہے۔ دوسرے حصے کا وہ ٹکڑا جو براہ راست سندھ کے مغرب میں واقع ہے خود دو چھوٹے بڑے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ان کی حد بندی، کسی حد تک، دریائے گومل کے تنگ نالے سے ہو جاتی ہے۔ دریائے گومل کے جنوب میں ایک عظیم سطح مرتفع ہے۔ ساتھ ہی ساتھ پہاڑوں کا پیچیدہ ایک سلسلہ ہے جو ہر جانب پھیلا ہوا ہے جن کے درمیان سطح سمندر سے ۱۰۰۰ تا ۳۰۰۰ فٹ کی بلندی

پر کئی طاس واقع ہیں۔ ان میں سے بعض کی اونچائی ۵۰۰۰ فٹ ہے۔ ایک عام بات یہ ہے کہ یہ سطح مرتفع جنوب مغرب میں بتدریج نیچی ہوکر ایرانی ریگزاروں میں ضم ہوجاتی ہے، جب کہ جنوب میں ساحل کے متوازی پہاڑوں کے پار بحر عرب سے ملتی ہے۔

ایک چھوٹے سے متداخلی (RE-ENTRANT) حصے کو مستثنیٰ کردیجئے جو زیادہ سے زیادہ مشرق میں واقع کوہِ سلیمان اور کرتھار کے کوہستانی محاور کے درمیان ہے تو یہ سارا خطہ ایران کے سطح مرتفع کا حصہ بن جاتا ہے۔ اور جنوب مشرقی ایشیا کے ہیئتی خط و خال میں سب سے زیادہ نمایاں ہوجاتا ہے۔ متذکرہ بالا متداخلی ٹکڑے کو شامل کرتے ہوئے یہی خطہ جس کا رقبہ ۱۳۴۰۰۰ (ایک لاکھ چونتیس ہزار) مربع میل ہے ہمارے لئے ایک جغرافیائی صوبہ "بلوچستان" بنا دیتا ہے۔

ارضیاتی مبدا

یہ بھی ایک عجیب اتفاقی مطابقت ہے کہ ایک طرف بلوچستان پاکستان کی ایک سیاسی اکائی ہے تو دوسری طرف مشترکہ ارضیاتی مبدے نے ان دونوں کو متحد کردیا ہے۔ ہماری زمین کی جن قوتوں اور حرکات نے مشرقی اور مغربی پاکستان کی سرزمین بنائی وہی بلوچستان کی پیدائش کا سبب بن گئیں۔

جن ہیئتی اکائیوں کا ذکر کیا گیا وہ دراصل ماضی بعید کی عظیم قشری حرکات کے نتیجے کے طور پر ظہور پذیر ہوتے۔ لاکھوں سال ہوئے، اس زمین پر ظہور انسانی سے بھی قبل 'مغرب میں' موجودہ پہاڑوں کا انبار اور سطح مرتفع، شمال میں ہمالیہ اور اس کا وہ سلسلہ جو مشرقی پاکستان سے گذر کر برما تک گیا ہے، یا سندھ اور گنگا کا یہ زرخیز میدان، ان سب کا کوئی وجود نہ تھا۔ ان سب کی جگہ ایک وسط ایشائی سمندر یعنی "بحیرۂ ٹیتھس" نے لے رکھی تھی۔ جیسے، ایک وسیع و عریض بحیرۂ روم بل پہ بل کھاتا ہوا دنیائے قدیم کے قلب میں بھی واقع تھا اور بحر اوقیانوس کو بحر الکاہل سے ملاتا تھا۔ غالباً یہ دو سمندر بھی اپنی موجودہ حالت میں اس وقت نہ تھے۔ بہرصورت یہی قدیم یا کلاسیکی سمندر یعنی بحیرۂ ٹیتھس جنوب میں واقع سرزمین "گونڈوانا" اور شمال کی سرزمین "لورنشیا" کو ایک دوسرے سے الگ کرتا تھا۔ یہ دونوں بری کمیت زمین کے اولین قشری بلاک تھے۔ اگرچہ ان کی بقیہ تاریخ بڑی حد تک الجھی ہوئی ہے، لیکن ہم اپنا یہ استدلال قائم رکھ سکتے ہیں کہ جزیرہ نمائے ہند اس سرزمین گونڈوانا کی ارضیاتی میراث ہے، جو ماہرین ارضیات کے مطابق برازیل کے سطحِ مرتفع سے لے کر افریقہ، عرب، جنوبی ہند اور مغربی آسٹریلیا تک پھیلی ہوئی تھی یا کم از کم سیل زدہ اور دور افتادہ ارضی خطوں کا ایک مجموعہ تھی۔ اسی طرح شمال میں آج جہاں "روسی پلیٹ فارم" اور سائبیریا کا وسطی ماسف ہے

اور جسے ہم سرزمینِ "انگارا" کہتے ہیں کسی قدیم تر قشری بلاک کا بچا کھچا حصہ ہے۔ آگے چل کر ہمیں یہ نتیجہ اخذ کرنا پڑتا ہے کہ ٹیتھس کا فرش دراصل ایک عظیم طاس کی شکل میں تھا جہاں ہمسایہ بری کمیت کا عطا کردہ حجری ملبہ، کیچڑ اور دیگر مواد جمع ہوتا تھا۔

ثلاثی عصر کے دوران اس تمام خطے کے توازن ہم استادگی میں بری طرح خلل پڑا جو ٹیتھس کے حوالے تھا۔ فطری طور پر اس توازن کی بحالی کا عمل بھی شروع ہوا۔ اور لگے ہوئے قشراتِ ارض میں حرکات کی ابتدا ہوئی۔ ان حرکات کے نتیجے میں بحیرۂ ٹیتھیس کے فرش پر بتدریج ابھار پیدا ہوا۔ آہستہ روی مگر ثابت قدمی کے ساتھ زمین سطحِ آب سے اوپر ہلکے ہلکے خم کے ساتھ نمودار ہوئی۔ ان خموں کا حیطہ بڑھتا رہا تاآنکہ پلائسٹوسینی دور میں انہیں اپنی موجودہ صورت اور تقسیم حاصل ہوئی۔ اور یوں پاکستان اور اس سے پرے علاقوں کی عمومی سرحدیں ظاہر ہوئیں تو اس طرح بلوچستان بھی اپنے آبی جنین سے ظاہر ہوا۔

لیکن بلوچستان میں بعد کے واقعات کا انداز پنجاب اور سندھ کے میدانوں سے مختلف تھا۔ جہاں تک آخرالذکر کا تعلق ہے یہاں بڑی ہمواری مگر سست روی کے ساتھ ہمالیائی دریاؤں کے لائے ہوئے مواد کی انداخت کا عمل، بناوٹ کے دیگر طریقۂ کار سے نمایاں رہا۔ بلوچستان میں اس طرح کی سادہ انداخت کو کبھی کوئی برتری حاصل نہ ہوئی۔ حالانکہ اس کا

اپنا مقامی نظم قائم تھا۔ یہ اور بات ہے کہ یہ نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

شکلیاتِ سطح کی نشوونما

پیشِ نظر خطے کی نمو اور ارتقاء ان تین بنیادی اجزاء کے نتائج کا مرکب تھا، جنہیں ہم "قوت" بھی کہہ سکتے ہیں۔ ان میں اوّل وہ ہیئتی قوت تھی، جس نے وسیع تر منظر کا ایک پہلو ہوتے ہوئے خروج بلوچستان کے اسباب مہیا کئے؛ دوئم آتشی اور آتش فشانی قوتیں، اور آخری یعنی موسم زدگی اور زمینی شکست و ریخت۔ یہاں یہ تو ممکن نہ ہو سکے گا کہ ہم ان تمام قوتوں کا تفصیلی جائزہ پیش کریں، جنہوں نے بلوچستان بنایا۔ تاہم ہمیں اپنی توجہ قوتوں کے ان ممتاز طریقہ ہائے کار کی طرف مبذول کرنی چاہیئے۔ جو ایسا محسوس ہوتا ہے، بلوچستان کی شکلیاتِ سطح کی نمو میں ہاتھ بٹاتے رہے اور اسے منضبط کرتے رہے۔

کوہ ساز قوتیں اور انکے خِطہ وار مدعا علیہم

ہم پہلے ہی ان قشری حرکات کا ذکر کر چکے ہیں جنہوں نے بحیرۂ ٹیتھس کے فرش کو خمدار کیا اور اسے اتنا اونچا کر دیا کہ دنیا کے نوعمر خمدار پہاڑوں کا سب سے اونچا سلسلہ قائم ہو گیا۔ اب یہی گمان ہوتا ہے کہ بڑے پیمانے پر ان حرکات کا ایک خاص انداز تھا۔ مغربی سمت میں دیکھئے تو یقیناً افریقہ کا

"عقبی علاقہ" یورپ کی "پیش ۔ارض" کی جانب حرکت میں آیا ہوگا۔اور مشرقی جانب ارض "انگارا" نے جزیرہ نمائے ہند کے قائم بلاک کے مقابل حرکت کی ہوگی۔ بہ الفاظِ دیگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس طرح بحیرۂ ٹیتھس دو منطقوں میں منقسم ہوگیا۔ ہر منطقہ ملحق قشری بلاکوں میں سے کسی ایک بلاک کی یکساں حرکات کا تابع ہوا ۔مگر ان حرکات کی سمت مخالف تھی۔اس طرح یہی نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ ان دو منطقوں کے درمیان ٹیتھس کا وسطی منطقہ تھا۔جو دراصل ایک ایسے علاقے کی نیابت کرتا تھا جہاں حرکات کی سمت آڑی ترچھی تھی۔یہیں ان دو الگ الگ منطقوں میں اُبھرنے والی لہروں کا ایک سنگم بنا۔ اس طرح مغربی اور مشرقی منطقوں میں اُبھرنے والے خم ایک دوسرے سے مدغم ہوکر ایسے ہی ایک نئے سلسلے دخم اکا باعث بنے جو اکثر اوقات ان دورافتادہ منطقوں میں اپنے "آبائی" خم سے بلحاظ سمت بالکل مختلف ہوگئے۔

یہاں ایک اور قشری بلاک یعنی جزیرہ نمائے عرب کے فیصلہ کُن کردار کا ذکر بھی ضروری ہے۔افریقہ اور جزیرہ نمائے ہند کے درمیان واقع اس عربی بلاک نے مزاحمت کرنے والے بلاک کی حیثیت اختیار کرلی یعنی اس کی جانب بڑھنے والے خم اپنی ابتدائی سمت تبدیل کردینے پر مجبور ہوگئے ۔اس طرح پہلی بار جب ان خموں کا رُخ بدل گیا تو یہی رجحان قائم رہا جس کے باعث ایک نیا کوہ ساز انداز ظہور میں آیا۔ یا پھر ہم یہ کہہ سکتے ہیں

کہ یکے بادیگرے ان خموں نے جزیرہ نمائے عرب کی پیش کردہ مزاحمت کی طبعی افتاد اور شدت کے مطابق اپنے لئے گنجائش پیدا کرلی۔اس کے ساتھ ہی بعض ناقابل توضیح رُکاوٹوں نے بھی ان خموں کی "روانی" کو متاثر کیا۔ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ بحیرۂ ٹیتھس کے اس فرشی ٹکڑے کو ایک عجوبہ ہلچل نے اونچا کردیا اور بلوچستان بنادیا۔ یا یوں کہا جائے کہ ان گوناگوں حرکات کے درمیان یہ ٹکڑا "کچل" دیا گیا جس کے نتیجے میں اتنے اونچے خم بن گئے یعنی یہ کوہستانی سلسلے۔جو اس حد تک مروڑ دیئے گئے کہ مرغولہ جیسے ہوگئے۔ اگرچہ یہ بیان قیاسی ہے لیکن ان پہاڑوں کی عام وضع سے اس بات کی واضح تائید ہوتی ہے کیونکہ ان کی وضع انگریزی کے حرف "S" سے مشابہ ہے۔مشرقی جانب کوہِ سلیمان زینوں کی طرح بتدریج "تختِ سلیمان" تک پھیل گیا ہے۔ پھر یہ پہاڑ ژوب ندی کے شمال میں "ٹوبہ کاکڑ" سلسلے کے ساتھ اس مقام تک جہاں تقریباً وسطی "براہوئی" سلسلہ آجاتا ہے مغرب کی سمت گھوم جاتا ہے۔ کوئٹہ کے نزدیک اس کی سمت شمالاً جنوباً ہوجاتی ہے۔لیکن تقریباً ۶۶° درجہ مشرقی طول البلد سے اس کی سمت مکران اور خاران میں دوبارہ رکسی حد تک اغربی ہوجاتی ہے۔وسطی براہوئی سلسلہ، ۲۶° ۵۷' و ۳۰° ۲۶' ۳۳" شمالی اور ۶۶° ۳۱' و ۶۷° ۲۶' ۵" مشرقی) کے درمیان واقع ہے۔جس میں مولا ندی "پشن لورا" اور ژوب ندیوں کے درمیان کا سارا پہاڑی علاقہ

شامل ہے۔

غور سے دیکھا جائے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ "ہربوئی" پہاڑیاں جو قلات میں واقع ہیں ایک "گرہ" بناتی ہیں۔ اس گرہ سے مختلف پہاڑوں کے سلسلے تقریباً ہر جانب پھیلتے ہیں۔ ایک شمال کی جانب پھیلا ہوا ہے جب کہ جنوب مغرب میں تین چار سلسلے کرنوں کے انداز میں پھیل کر "سیاہان" اور مکران کے سلسلے بناتے ہیں۔ یہ سلسلے ایک دوسرے کے علاوہ ساحل کے متوازی ہیں۔

شمالی ترین علاقے میں چاغی کا سلسلہ اور خصوصی طور پر کوہِ راس اس تصویر کو مکمل کر دیتا ہے۔ جب کہ جنوب مشرقی سمت میں واقع "پب" کے سلسلے کو آخری چوکی یا ہربوئی کی ایک شاخ کہا جا سکتا ہے۔ کوئٹہ کے شمال مشرق میں ایک اور گرہ نظر آتی ہے جو ارتفاع میں زیادہ ہے اور "زرغون" (۱۱۷۳۸ فٹ) اور خلیفت (۱۱۴۴۰ فٹ) جیسی بلند چوٹیوں کو اپنے کاندھے پر سنبھالے ہوتے ہے۔ مشرق میں سلیمان اور کرتھر کی طویل دیوار پھیلی ہوئی ہے جو آگے چل کر بحر عرب کی سطح کے نیچے بالآخر مغرب کی سمت مڑ کر خلیج عمان تک پھیلی ہوئی ہے۔

مختلف سمت میں پھیلے ہوئے ان پہاڑوں کی گود میں بلوچستان کا طاس، اس کی وادیاں اور اس کے میدان واقع ہیں۔ شمال مشرق سے اگر ان کا شمار کیا جائے تو ژوب اور لورالائی کی ۵۰۰۰ فٹ بلند (سطح سمندر سے) وادیاں

ملتی ہیں شمال میں وادیٔ شال ہے (عرفِ عام میں جسے کوئٹہ کی وادی کہتے ہیں) یہ بھی ۵۰۰۰ فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ جنوب مشرقی سرے پر لسبیلا کا میدان ہے۔ جب کہ مغرب کی جانب ہمیں ایسے ریگزاروں اور پتھریلے میدانوں کا یکے یادیگرے سامنا کرنا پڑتا ہے جنہیں متوازی پہاڑی سلسلے ایک دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ ان میں جو بڑی وادیاں اور طاس ہیں وہ دراصل وادیوں یا طاس کا مجموعہ ہیں، جن میں سے ہر ایک میں ایک یا دو ندی نالے ضرور واقع ہیں۔ جو سال کے بیشتر حصوں میں خشک رہتے ہیں۔

یہ علاقہ بڑے پیمانے پر کچلا یا نچوڑا گیا جس کے باعث یہاں کے پہاڑوں اور منسلکہ وادیوں کی خصوصی ہیئت اُبھری اور اسی کے نتیجے میں یہاں کی حجری کمیت میں بڑے پیمانے پر اچھال یا دھکیل (THRUST) برانداخت (OVER THRUST) خطا (FAULT) اور شگاف کا عمل داخل ہوا۔ ان کوہستانی سلسلوں کی جہت (STRIKE) پر عمودی حالت میں جہاں سرکاؤ واقع ہوا وہاں ندیوں کے لئے راہ ہموار ہو سکی، جس کی مثال بولان اور ناری سے ملتی ہے۔ درحقیقت بلوچستان ہمالیہ کی عظیم سرحدی خطا پر واقع ہے۔ اور ساحل بھی ایسی ہی خطاتی خط پر منطبق ہو جاتا ہے۔ ہم اس بات کو ان الفاظ پر ختم کر سکتے ہیں جن سے ان اثرات کی وسعت کا اظہار بخوبی ہو جاتا ہے۔ سطح مرتفع "سارلاٹھ" اور ٹوبا کا غربی کنارہ کسی بڑی خطا کا مظہر ہے جس کے ساتھ عظیم ریگستان کا مشرقی کنارہ، ان بلند

سلسلوں کے مقابلے میں اضافی طور پر کئی ہزار فٹ نیچے جھک گیا ہے۔"

اس غیر قیام پذیر قشری پس منظر میں یہ امر قطعاً حیران کن نہیں کہ بلوچستان ہی وہ سرزمین ہے جہاں زلزلوں کا تواتر جاری ہے۔ جہاں تک زلزلوں کا تعلق ہے نہ تو ان کا شمار زمین کی کبیر قوتوں میں ہوتا ہے نہ کبھی ان سے کوئی بڑی بڑی شکل وضع ہو سکی ہے۔ پھر بھی اس میں کسی شک کی کوئی گنجائش نہیں کہ انسانی نقطۂ نظر سے ان کی بڑی اہمیت ہے۔ بلوچستان کے چند زلزلوں نے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی ہے۔ مثلاً ۳۱ مئی ۱۹۳۵ء کا زلزلہ کوئٹہ کے لئے بڑا تباہ کن تھا۔ ۲۰ دسمبر ۱۸۹۲ء کو جو زلزلہ آیا تھا اس نے عام تباہی سے قطع نظر کوئٹہ سے چمن کے فاصلے کو ۲½ فٹ کم کر دیا تھا۔ لیکن ان زلزلوں میں چند ایسے بھی ہیں جن کے اثرات تعمیری تھے۔ مثلاً ۱۸۸۸ء میں جو جھٹکے کوئٹہ میں محسوس کئے گئے تھے ان کے زیر اثر "شورارود" کی چاچازئی کاریز کی آبی رسد میں اضافہ ہو گیا تھا۔ اسی طرح ۱۹۰۹ء کے زلزلیاتی جھٹکوں کے سبب "تکاتو" کی ڈھلوانوں پر واقع "سرغورغی" گاؤں میں ایک چشمہ برآمد ہو گیا۔

آتشی اور آتش فشانی قوتیں

آتشی قوتوں کے اثرات کا بہترین خلاصہ ان الفاظ میں پیش کیا جا سکتا ہے "ٹراسی شیل اور چونا پتھر کا ایک بڑا ابرزہ وادئ ژوب

کے جنوب میں واقع ہے اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ان چٹانوں میں "دکنی ٹراپ" کے موٹے دانوں والے گیبرو، جو سرپنٹائن میں تبدیل بھی ہوئے ہیں، بے شمار ڈولیرائٹ اور بسالٹ کی رگوں اور رگ نما سد کی شکل میں ان کے درمیان دخل انداز ہیں۔ اسی زمانے کی کئی اور چٹانیں ملتی ہیں جن میں دخولی اور برکانی دونوں شامل ہیں اور جو خط واری اقسام میں خاصی میسر ہیں۔ آتشی چٹانوں کا دوسرا گروہ وہ ہے جنکی نمائندگی گہرائی میں واقع ان دخل انداز چٹانوں سے ہوتا ہے جن کا آتش فشانوں سے کوئی تعلق نہیں۔

ان آتشی قوتوں نے بلوچستان کو خالص ارضیاتی مفاد کے علاوہ معاشی اہمیت بخش دی ہے۔ سرپنٹائن میں جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ کرومی۔ لوہے کی قیمتی کچ دھات دستیاب ہے۔ جب کہ سیسہ، تانبہ، گندھک اور آرا آتشی چٹانوں کی دیگر علاقوں کے علاوہ چاغی کے پہاڑوں میں بہتات ہے۔

آتشی قوتوں سے چٹانوں میں تبدیلی یا کایا بدلی نہ تو ہر شخص کو نظر آسکتی ہے نہ اسکے نتائج کا اندازہ کوئی غیر تربیت یافتہ شاہد لگا سکتا ہے۔ تاہم ان کا شمار اس خطے کے بنیادی پہلوؤں میں ہوتا ہے اور ہم ابھی دیکھ چکے ہیں کہ ان میں سے اکثر کا آتش فشانی قوتوں سے قریبی تعلق رہا ہے۔

بلوچستان الپائن۔ ہمالیائی آتش فشاں پٹی میں واقع ہے۔ اگرچہ ان آتش فشانوں میں زیادہ تعداد انکی ہے جو خالی ہو چکے ہیں یا بجھ چکے ہیں،

پھر بھی ان کا تعلق ایران، ترکی اور بحر رومی آتش فشانوں سے براہِ راست ہے۔ ہیئت یا شکلیات سطح کے لحاظ سے ان آتش فشانوں نے بلوچستان کو ایک امتیاز دے دیا ہے جب کہ بری شکل کے لحاظ سے پاکستان کے دیگر علاقوں کے مقابل ان کی اٹھان خاصی متضاد ہے۔ یہ آتش فشاں جو بلحاظ پیدائش حال اور ذیلی حال سے تعلق رکھتے ہیں بکھری ہوئی پہاڑیوں کا ایک سلسلہ ترتیب دیتے ہیں جو چاغی کے مغرب میں ایک مثلث نما علاقے میں واقع ہیں، اور انہیں مغربی سنجرانی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ سب سے پہلے کوہِ سلطان ملتا ہے جسے چاغی کی خاص پہاڑیوں سے ۳۰ میل چوڑا ایک ریگزار علیحدہ کرتا ہے۔ مزید مغربی جانب داموون پہاڑیاں ہیں اور دیگر کئی ایسی چوٹیاں ہیں جو پیدائش کے لحاظ سے آتش فشانی ہیں۔ ان سے ۲۰ میل آگے ایک اور چوٹی ہے جس کا نام کوہ دلیل ہے۔ یہ سب کی سب ۴۰۰۰ تا ۸۰۰۰ فٹ اونچی ہیں اور ان میں سے چند ریتیلے میدانوں میں اپنی کھڑی ڈھلوانوں کے ساتھ بیساختہ اُبھری ہوئی ہیں۔ ان میں سب سے ممتاز کوہِ سلطان، سلطان پیر قیصر کے نام سے معنون ہے جو بلوچیوں کے درمیان روایتی سرپرست و صوفی مانے جاتے ہیں۔ اس سلسلۂ کوہ کے تفصیلی بیان کے لئے ہم مسٹر وریڈنبرگ کے ممنون ہیں جو درج ذیل ہے۔

"کوہ سلطان ایک بیضوی پہاڑ ہے جس کا محور اکبر اپنی مغرب۔ شمال مغرب جہت کے ساتھ ۱۷ میل لمبا ہے۔ اور اس کا عرض دس میل ہے۔

یہ ایک معدوم آتش فشاں ہے جس کی چٹانیں کوہِ تفتان کی چٹانوں سے مشابہ ہیں، لیکن ایک مخروط بنانے کے بجائے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کا مرکز خروج کئی بار بدلا۔ چنانچہ یہ پہاڑ دراصل تین ایسے مخروطوں کا مجموعہ ہے جو بڑی حد تک شکستہ ہیں، اور جن کے مراکز تقریباً ایک ہی خطِ مستقیم پر آراستہ ہیں۔ ان تینوں مخروط کی ابتدائی چوٹیاں مکمل طور پر عریاں کاری کی زد میں آچکی ہیں۔ مغربی مخروط کی عریاں کاری اس حد تک ہوئی ہے کہ اب یہ ایک کروی میدان کی شکل میں باقی ہے جس کا قطر ۴½ میل ہے اور جس کے گرد کھڑی چٹانوں کا ایک خوبصورت ایوان بن گیا ہے۔ یہ ان خط و خال کی مثال ہے جنہیں لیئل (LYELL) نے "کاسۂ عریاں کاری" کا نام دیا تھا۔ اس ایوان کے گرد جو کھڑی چٹانیں ہیں وہ تمام تر جمع شدہ راکھ کی پرتوں سے بنی ہیں۔ یہ ہر جگہ یکساں طور پر بلند نہیں ہیں، بلکہ عریاں کاری کے عوامل نے انہیں مختلف وضع قطع کا بنا دیا ہے۔ بعض ایسے حصے جو کم شکستہ ہیں علیحدہ علیحدہ انبار یا کمیت کی صورت میں یا ستونوں کی طرح نمایاں ہیں جیسے "نیزۂ سلطان"۔ وریڈنبرگ آگے رقمطراز ہے "بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مغرب سے مشرق کی جانب یہ تینوں مخروط یکے بادیگرے ظاہر ہوئے لیکن آتش فشانی اخراج غالباً جزوی طور پر بیک وقت ہوا ہو۔"

ان جسیم آتش فشانوں کے علاوہ، جو بہت اچھا ہوا کے معدوم ہو چکے، ہمیں کیچڑ اگلنے والے آتش فشاں مکران اور ضلع ژوب کی وادی گندار میں ملتے

ہیں، جو آج بھی اُبلتے رہتے ہیں۔ زلزلوں کی طرح یہ بھی ہمیں یہی یاد دلاتے ہیں کے بلوچستان ابھی تک "مطمئن" نہیں ہے۔ بنیادی قوتیں ابھی بھی یہاں سرگرم عمل ہیں اور عین ممکن ہے آگے چل کر یہاں کی سطح کا "انداز" خاصا تبدیل ہوجائے۔

موسم زدگی اور ارضی تسرف

اب ہم اپنی توجہ بلوچستان کی حیثیت کے تعین میں موسم زدگی اور ارضی تسرف کے کردار کی طرف مبذول کرتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کے اس خطے کی معاشی، انسانی، اور مناظری قدریں دراصل موسم، پانی اور ہوائی قوتوں کا براہ راست نتیجہ ہیں تو مبالغہ نہ ہوگا۔ موسم زدگی نے حجری کمیتوں کو منتشر کر کے کھڑی چٹانوں کے وہ طبقات دئیے ہیں جن سے زیر زمیں آبی ذخیرے بن سکے اور جن کا پانی کاریز کے ذریعہ زیر استعمال آیا۔ ہوا نے باریک حجری اجزا کو وادیوں میں دوبارہ جمع کر کے ہمیں لوئس (LOESS) دے دی جن کے بغیر آج کی زرخیز و شاداب وادیاں بالکل ویران ہوتیں۔ آخری مگر اہم بات یہ ہے کے موسم، ہوا اور پانی سے بے حد و حساب تسرف نے جس سرزمین کو جنم دیا ہے اس نے یہاں کے باشندوں کی افتادِ ذہنی کو بھی بڑی حد تک متاثر کیا ہے اس لئے یہاں بلوچستان میں انسانی ذہن اپنے اردگرد کے قریبی مادی ماحول کا آئینہ ہے۔

بلوچستان میں ابھی تک انسان طفلِ فطرت ہے۔

موسم زدگی سے مراد سطح پر افتادہ حجری کمیت کے بکھرنے اور بے ترتیب ہونے سے ہے۔ اس طرح یہ مواد اس قابل ہوجاتا ہے کے پانی، برف یا ہوا انہیں منتقل کر سکے۔ "تسرف" موسم زدگی سے یوں واضح ہے کے اس عمل سے مراد "کتر دینا"، "کاٹ دینا" یا "تراش دینا" ہے۔ تسرف کا فطری اختتامیہ یہی ہے کے "اکھاڑے" ہوئے مواد کی دوبارہ انداخت ہوجاتے۔ اس کے لازمی معنی یہی ہیں کے ان کی منتقلی کا عمل بھی بروئے کار آتے۔ چنانچہ موسم زدگی، نقل وحمل، تسرف اور انداخت ایک ہی عمومی مظہر کے پیچیدہ طریقہ ہائے کار ہیں۔ بہر صورت ہم انہیں کسی حد تک علیحدہ علیحدہ زیر نظر لائیں گے تاکہ ان کے مجموعی ضبط و اثر کی قدر کر سکیں۔

موسم زدگی

موسم زدگی کے حلقۂ اثر کا اندازہ کرنے سے پہلے اس خطے کی آب وہوا اور متعلقہ پس منظر کو پیش نظر رکھنا لازمی ہوجاتا ہے۔ بلوچستان کے پہاڑ، اصولی طور پر، چونا پتھر، شیل، کانگلومیریٹ اور جنوبی مکران کی طرح سفید مٹی کے بنے ہوتے ہیں۔ چونا پتھر کا فصل چونکہ بہتر ہے اس لئے اس سے پانی بہ آسانی گذرتا ہے اور اس کی حل پذیری اعلیٰ درجے کی ہے۔ جہاں تک اجزائے فصل کا تعلق ہے، ان سے چونا پتھر کے خطے کی آبیات اور

ٹوپوگرافی عجوبہ اور امتیازی درجے کی ہوگئی ہے۔ عام سطح سے حجری ہباڈ زیادہ تر ان کے حل ہوجانے سے ہوتا ہے۔ درازیں بڑھ کر شگاف دار ہوجاتی ہے جبکہ استوانی "نالیاں" "منجلا بچوں" (small notches) یا منجلاب (small holi) غرض سب کے سب گھل مل جاتے ہیں۔
شیل اور دیگر مٹی کا چٹانوں کی "گلی جماعت" سے تعلق ہے۔ جس کا امتیاز عام نرمی ہے اور جس میں ضلعی مستوی نہیں ہوتی۔ ایسی چٹانیں کیمیائی موسم زدگی یا تسرف کی مزاحمت کرتی ہیں تا آنکہ استوائی آب و ہوا کی شدت سے کوئی مفر نہ ہو۔ لیکن میکانی عوامل سے بہ آسانی متاثر ہوجاتی ہیں۔ کانگلومیریٹ کھردرے ٹکڑوں کا ذخیرہ ہوتا ہے۔ ان میں طبقی علامتیں مدھم ہوتی ہیں اور ان کا فصل واضح نہیں ہوتا۔ موسم زدگی کے عمل کے خلاف ان کی مزاحمت کا انحصار اس باریک مواد کی سختی اور حل پذیری پر ہوتا ہے جو درمیانی جگہوں کو پُر کرتے ہیں نہ کے بڑے ٹکڑوں اور ان کی خصوصیات پر۔ اگر اولذکر کی مزاحمتی طاقت ادنیٰ ہوئی تو چٹان بہ آسانی ٹوٹ جاتی ہے۔ مختصر یہ کے حجری کمیتوں کی عمومی فنا پذیری بلوچستان کی خصوصیت ہے۔ جہاں تک موسم زدگی کا تعلق ہے، بلحاظِ آب و ہوا ہمیں صرف اتنا یاد رکھنا چاہیئے کے یہ حرارت کے "اعلیٰ یومیہ تفاوت" کی سرزمین ہے۔

حجری کمیتوں کی عمومی فنا پذیری اور حرارت کے اعلیٰ یومیہ تفاوت کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کے یہ سارا خطہ ایک "ہیبت ناک تکسّر" کا شکار رہا ہے۔

ہر جگہ کا حجری انبار جو بنیادی طور پر منضبط تھا، بڑے بڑے بلاکوں میں کٹ کر، گول مول چٹانوں اور آڑی ترچھی جسامتوں میں ٹوٹ گیا ہے۔ حجری انباروں کی یہ مکمل "بربادی" جو حرارت کے حاد یومیہ تفاوت سے پیدا شدہ پھیلاؤ اور سکڑاؤ کے تواتر سے ہوئی ہے "پالے" کے عمل کی بھی ممنون ہے۔ اور یہ چند علاقوں مثلاً بالائی بلوچستان کے اونچے حصّوں میں سرگرم عمل ہے۔

انجام کار اس بڑے پیمانے کے تکسّر کے باعث کھڑی چٹانوں کے طبقات تشکیل پاتے، جو اس علاقے کی خصوصیات میں شامل ہیں۔ انہیں مقامی طور پر "پہاڑوں کا جھول" یا "دامن" کہا جاتا ہے۔ ان دامنوں کی معقول تفصیل کے لئے بہتر ہوگا کے مسٹر وریڈنبرگ کا حوالہ دیا جائے۔ وہ کہتے ہیں "کسی بڑے نظام نکاس کی غیر حاضری میں ان اندوختوں کا حجم خاصا ہو جاتا ہے اور دامن بلحاظ تناسب ان پہاڑوں کے ہم پلہ ہوجاتا ہے جن کے ملبے سے یہ خود مرتب ہیں۔ ان انباروں کی ڈھال اتنی کم ہے کے آنکھیں اس بلندی کو محسوس نہیں کر سکتیں جہاں یہ، پہاڑوں کی ڈھلوانوں پر، پہنچ جاتے ہیں (یا پہنچ چکے ہیں) اور اسی سے ان پہاڑوں کے ٹھگنے یا بونے نظر آنے کی وضاحت ہوتی ہے۔ باوجودیکہ ان پہاڑوں کی بلندی خاصی ہے"۔ غیر معمولی بارش مصدری کمیت سے گول مول چٹانیں توڑ کر یا ان کے ٹکڑے بہا کر میدانوں تک لے آتی ہے۔ اس طرح گول مول چٹانیں اور سنگریزے میدانوں کی سطح پر بکھر جاتے ہیں اور آخر کار بلوچستان کے

"دشت" بناتے ہیں۔ ان کا ذکر کرتے ہوئے وریڈنبرگ لکھتا ہے "ان سنگریزوں کی خارجی سطح لوہی۔ مرکب کی تکسید کی وجہ سے سیاہ ہے"۔ یہ مثال ہے کیمیائی موسم زدگی یا بے ترکیبی کی جو غیر معروف نہیں ہے۔ علاوہ ازیں حل شدہ معدنی مواد والے پانی کی تبخیر سے کیمیائی تاکل خصوصی طور پر بلوچستان کے مغربی ریگستانی حصے میں نظر آتا ہے۔

تسرف

دوسرے خشک خطوں کی طرح بلوچستان میں بھی تسرف کے عوامل بنیادی اور بااختیار ہیں۔ ان میں نباتات کی غیر موجودگی اور بارش سے زائد تبخیر شامل ہے۔ بلوچستان میں بارش کا   بمشکل ۱۰" ہے۔ نباتات نمایاں طور پر غیر موجود ہیں۔ لہٰذا فطری طور پر پانی کا تسرفی عمل سست پڑ جاتا ہے جب کہ ہوا کا یہی عمل تناسب میں زیادہ یا تیز ہو جاتا ہے۔

بلوچستان میں خاصیت کے لحاظ سے ہوا خشک ہے۔ بہاؤ کے لحاظ سے مستقلاً تیز جیسا کے "گوریچ" یا شمال مغربی ہوا۔ یہ ہوائیں کوارٹز کے ذرات سے "مسلح" ہوتی ہیں جو یہاں کی ریت کا غالب معدنی جزو ہے۔ کوارٹز (کے ذرات) سے بھری یہ ہوائیں، چونا پتھر، شیل کانگلومیریٹ وغیرہ جن سے بلوچستان بنا ہے، ٹکرا کر اعلیٰ تسرفی عمل جاری رکھتی ہیں۔ اس عمل کے نتیجے میں بے شمار خط و خال ابھرتے ہیں جو خصوصیات میں "سمارونگی"

شکلوں، زیوگین، یارڈانگ، دریچوں اور زمین کے چھوٹے کھوکھلے حصوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

کوہِ سلطان کے ان پہلوؤں کا جو تسرف سے متعلق ہیں پہلے ہی حوالہ دیا جا چکا ہے۔ یہاں یہ بات قابلِ غور ہے کے اس کی بنیادی چوٹیوں میں ایک تسرف سے اس قدر متاثر ہوئی ہے کے ابوالہول (Sphinx) سے مشابہ ہو گئی ہے۔ "گوریچ" کے علاوہ موسمِ گرما کے دوران حراری کیفیت کے باعث گرم لہریں اٹھتی ہیں، اور بعد میں بگولوں کی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ اس طرح ہوا کا عمل تسرف معمول سے زیادہ تیز ہو جاتا ہے۔ یہ بگولے یوں تو بلوچستان میں عام ہیں لیکن مغربی اور جنوبی حصوں میں ان کا تو اتر اور ان کی تباہ کاری زیادہ ہے۔ مغربی حصے کے ان بگولوں کا ذکر کرتے ہوئے سر ہنری میکموہن کہتے ہیں "اڑتی ہوئی ریت سے زمین و آسمان ایک ہو جاتے ہیں۔ اگر ایسے میں کوئی اپنی جگہ سے دو چار گز بھی بڑھنے کی کوشش کرے تو یہ بری طرح پیش آتی ہے"۔ پانچ منٹوں میں یہ بگولے بلٹنوں کے بنائے ہوئے راستوں (نشانات) کو بگاڑ دیتے ہیں بگولوں کی جمع کردہ ریت سے سطح کی بنیادی حالتوں میں جو نظارہ خیز تبدیلیاں ہو جاتی ہیں ان کا کسی حد تک اندازہ چاغی پہاڑوں کے بارے میں درج ذیل تفصیل سے ہوتا ہے۔ میکموہن لکھتا ہے "ریت ان سب پہاڑوں پر نبٹا ریچ چھائی جا رہی ہے۔ گویا یہ ریت میں دفن ہوتے جا رہے ہیں

جو ان کے دونوں جانب بڑی بے رحمی سے اوپر رینگتی جا رہی ہے کئی پہاڑ تو ایسے ہیں جو مکمل طور پر دفن ہو چکے ہیں۔ ان کی جائے تدفین کی نشاندہی ریت کے ایک اونچے پہاڑ سے ہوتی ہے۔ کچھ ایسے ہیں جن کی سیاہ چوٹی سفید ریتیلی ڈھلوانوں کے اوپر نظر آتی ہے۔ کہیں کہیں کوئی بہت اونچا (ریت کا) انبار اپنے گرد نگل جانے والے ویرانوں کے درمیان آج بھی سیاہ ٹیلوں کے ساتھ سب سے نمایاں ہے، لیکن ان کے گرد پھیلی ہوئی ریت جو ان کے قاعدوں سے ہزار دو ہزار فٹ اونچائی تک پہنچ چکی ہے، یہی پیش گوئی کرتی ہے کہ ان کا بھی وہی حشر ہونے والا ہے۔"

مندرجہ بالا اور ریت کے ٹیلوں کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے۔ چارلس میلگریگر نے اپنی کتاب "بلوچستان میں آوارہ گردی" میں بڑی تفصیل کے ساتھ ریت کے ان ٹیلوں کا ذکر کیا ہے۔ "ان سب کی شکل ایک جیسی ہے اور یہ سب صورتاً ہلالی ہیں۔ ان کے باریک حصوں کا رخ جنوب کی جانب ہے اور ان کے چوڑے حصے (انگشتے) شمال کی سمت۔ بلندی کے لحاظ سے ان میں بڑا فرق ہے۔ جو ان میں سب سے بڑا ہے وہ اپنے اردگرد کے لحاظ سے ۶۰ فٹ اونچا ہے اور اپنی دونوں نوک کی سمت میں بتدریج ڈھلوان ہے، جو اردگرد کی ریت میں ضم ہو جاتی ہے۔ خارجی ڈھلان ۳۰ درجہ کے زاویہ پر ہے۔ وسطی حصے میں تھوڑا سا

ابھار ہے اور اندرونی ڈھلان ۴۵ درجہ پر یا اس حد تک کھڑی ڈھلان کے ریت ٹک سکے۔ خارجی ڈھلان کے بالائی اور ٹیلے کے نچلے حصے میں سب سے زیادہ کھڑی ڈھلان ۳ فٹ ہوتی ہے جو بتدریج نوک تک پہنچ کر غائب ہو جاتی ہے جہاں ساری خارجی ڈھلان یکساں ہوتی ہے۔"

ریت کے یہ ہلالی ٹیلے 'بدرجہ فضیلت'، وہی بارکھان ہیں جن کے بارے میں ہم طبعی جغرافیہ کی کتابوں میں پڑھتے آئے ہیں۔ بلوچستان کے ضلع لورالائی کی ایک تحصیل کا نام بھی بارکھان ہے۔ یہ غیر ممکن نہیں کہ اس تحصیل کا نام رکھنے میں وہ علامتی تعلق پیشِ نظر ہو جو مغرب میں واقع ریگستانوں کے ان ہلالی ٹیلوں سے ہے۔ کیونکہ یہی ٹیلے اس علاقے کا امتیازی اور سب سے زیادہ متاثر کن خط و خال ہیں۔

اعلیٰ درجہ کا میکانی تاکلُّ، زبردست بگولے، ریت کے ٹیلے اور بارکھان غرض یہی سب ہوا کی وہ کامیابیاں ہیں جو بلوچستان کی ہیئتی حیثیت کو نکھارنے میں اسے حاصل ہوتیں۔ ان میں ہم ایک اضافہ کر سکتے ہیں۔ یہاں کی وادیاں زیادہ تر لوئس سے مرتب ہیں۔ اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں ان کی تشکیل اڑا کر لائی ہوئی خاک پر مبنی ہے۔ یہاں تک کہ میدانوں میں بھی سیلابی مٹی اور لوئس ملی جلی ہے۔ ایک ایسی سرزمین جو خالصتاً چونا، پتھر، شیل، مٹی، ریت اور سنگریزوں سے مرتب ہو وہاں لوئس جیسی زرخیز مٹی کی اہمیت کو کم نہیں کیا جا سکتا۔

ہوا کے علاوہ بلوچستان کی ہیئتی حیثیت کو پانی بھی متاثر کر گیا ہے سطح پر نباتات کی غیر موجودگی کے باعث اور چونا پتھر کے فصل (جوڑوں) کی رہنمائی میں بلا روک ٹوک گذر کر بارش نے پہاڑوں کے دونوں جانب بے شمار "گلیاں" بنا دی ہیں۔ اور دیگر کئی مقامات پر، اس علاقے کی کندہ کاری کر کے اسے "بد زمین" (Bad-Land) بنا دیا ہے۔ ہم پہلے ہی ان پتھریلے میدانوں یا "دشت" کا ذکر کر چکے ہیں جو سنگریزوں سے ترتیب پاتے ہیں۔ ان سنگریزوں کو حجری ملبوں سے سیلاب نے منتقل کیا اور بعد میں ان کی تہ نشینی ہوئی۔ بلوچستان میں، اچانک آنے والے، اور زوردار سیلاب غیر معمولی نہیں۔ لیکن تضاد یہ ہے کہ اس خطے میں سیلاب کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ "اس سرزمین کی سطحی ترکیب سیلاب سے بڑے نقصانات کو ناممکن بنا دیتی ہے۔" دراصل مسئلہ ان تیز رفتار پہاڑی نالوں کا ہے جو مقامی اور مقابلتاً کم بارش کے بعد فوراً ہی ابل پڑتے ہیں۔ بلوچستان میں تھوڑی سی بارش کے بعد ہی یہ نالے، جو مختصر مدت کے لئے رواں ہوتے ہیں، یہاں کی زمین اور یہاں کے لوگوں کے لئے تباہ کن بن جاتے ہیں۔ ماضی میں ان نالوں نے کئی پہاڑیوں کو کاٹ کر گہری اور تنگ گھاٹیاں بنا دی ہیں۔ جو ہر سال دریا کی نیچی ہوتی ہوئی سطح کے ساتھ کچھ اور گہری ہوتی جاتی ہے۔ ان گھاٹیوں یا دروں میں بعض تو خوفناک حد تک گہری ہو چکی ہیں۔ مثلاً کوہِ سلیمان میں واقع

زاؤ اور گاٹ کی گھاٹیاں جو تقریباً ۲۰۰۰ فٹ گہری ہیں، اور کئی مقامات پر صرف چند گز چوڑی ہیں۔ سر ہنری میکموہن کے یادگار الفاظ کے مطابق "ان چند گھاٹیوں سے بہتر کوئی تصور تو محال ہے۔"

عام طور پر یہی کہا جائے گا کہ ان گھاٹیوں یا دروں کی بدولت یہاں کی وادیوں کے مابین اور ان سے باہر کی دنیا کے درمیان سلسلۂ مواصلات قائم ہو سکا۔ ان میں سے چند پہاڑی دروں کی حیثیت سے مثالی بن چکے ہیں جیسے بولان یا مولا نام کے درے۔ جن سے سکندر اعظم کی فوج کا ایک حصہ کریٹروس کی سربراہی میں ۳۲۵ سال قبل مسیح وادیٔ سندھ سے واپس جاتے ہوئے گذرا تھا۔

پانی کا عملِ تسرف صرف سطح تک محدود نہیں ہے۔ بلکہ زیر سطح پہنچ کر مساوی اہمیت کے خط و خال ابھارتا ہے۔ جو معاشی نقطۂ نظر سے شاید زیادہ ہی اہم ہیں۔ چونا پتھر کی خصوصی صفات کا ذکر پہلے ہی کیا جا چکا ہے۔ لیکن اس کی اہمیت کے اظہار کے لئے یہاں یہ بات بطور ذکر ثانی کہی جا سکتی ہے کہ چونا پتھر کی سب سے نمایاں خصوصیت بارش کے پانی میں اس کی حل پذیری ہے جو اس کے نظامِ فصل کی بدولت زیادہ ہو جاتی ہے۔ لہٰذا فطری طور پر بلوچستان میں پانی کے لئے یہ امر آسان ہے اور زیر سطح اس کے از خود نفوذ نے کئی عجوبے تشکیل دئے ہیں۔ اس کا نتیجہ جو ظاہر ہوا ہے وہ یہ ہے کہ ایک دریا معمولات کے

مطابق ظہور پذیر ہوتا ہے، سطح پر کچھ دور تک رواں رہنے کے بعد اچانک زیر زمیں چلا جاتا ہے اور اپنے راستے سے نیچے کسی سطح پر دوبارہ نمودار ہوتا ہے۔ یہ آنکھ مچولی اس سرزمین کی آبیاتی خصوصیت ہے اور جس کا کم از کم جزوی نتیجہ یہ ہے کہ بلوچستان میں خشک وادیوں اور خشک ندیوں کی تعداد زیادہ ہے۔ کھڑی چٹانوں کے طبقات میں اس زیر زمیں پانی کے رساؤ سے کاریزوں کے لئے ذخیرے مہیا ہوتے ہیں اور موافق حجری ترکیب نے چشموں کا سامان کر دیا ہے۔ جو اپنے تئیں انسانی آبادکاری اور معاشی سرگرمیوں کے ماسکے بن چکے ہیں۔ اسی سے متعلق خط و خال کا ایک اور جزو "فواری کنواں" ہے جس نے بلوچستان کے کوئٹہ۔ پشن اضلاع میں خاص عملی حیثیت حاصل کر لی ہے۔ کسی ایسے کنویں کی دریافت بلوچستان کے لئے کوئی نئی بات نہیں۔ کوئٹہ شہر اور تحصیل میں کئی ایسے کنویں موجود ہیں جن کے بارے میں ۱۹۰۳ء کے آبپاشی کمیشن نے نشاندہی کی تھی کہ "برصغیر کے دیگر علاقوں کے بجائے بلوچستان میں اس بات کی اُمید زیادہ ہے کہ زیر زمین پانی اوسط گہرائی پر حاصل کیا جا سکے گا۔" اصل مقصد جس کی دریافت قدرے تاخیر سے ہوئی وہ یہ ہے کہ اس سرزمین میں فطرت کے ان مخفی سرچشموں اور علامتی طور پر دیگر تمام قدرتی وسائل کی چھان بین اور ان کی مہم کاری کی جائے۔ اس طرح اس سرزمین اور اس کے باشندوں کی معاشی بہتری کا تحفظ کیا جا سکتا ہے، اور ترقیات

کو مطلوبہ حد تک لایا جا سکتا ہے۔ اس کے لئے یہ امر ناگزیر ہے کہ ہمارا انحصار جغرافیہ اور ارضیات کے تو امی مضامین پر ہو۔

آخری بات

اب تک ہم نے زمین کی ان بنیادی قوتوں کا مختصر جائزہ پیش کیا ہے جنہوں نے بلوچستان کو ایک خطے کی شکل دی ہے اور اسے پاکستان کے دیگر خطوں سے جدا اور واضح کر دیا ہے۔

ٹیتھس کے فرش سے پیدا شدہ، کوہ زا قوتوں کے زیر اثر خمیدہ اور خطا زدہ، متواتر زلزلوں سے شکستہ اور آتش فشانوں سے ایذا رسیدہ بلوچستان بڑے انتشار سے گذرا ہے اور اب بھی مستقلاً انتشاری قوتوں سے دوچار ہے جس کے نتیجے میں ہوا اور پانی کی قوتوں کے لئے ایک تر لوالہ بن گیا ہے۔

٭٭٭

حصّۂ منظومات

کوئٹہ کے حسین نظارے

دور پچھم میں ڈوبتا سورج،
سرِ کہسار کچھ شفق پارے!
سبز وادی میں کچھ شگفتہ گلاب،
جیسے مخمل پہ سُرخ انگارے!
بادِ صرصر کے اِک اشارے پر
آنکھیں ملتے ہوئے اُٹھے تارے!
نغمہ و نور کی ہوئی بارش،
مستیوں کے اُبل پڑے دھارے!

کتنے رنگیں، مگر اُداس اُداس!!
کوئٹے کے حسین نظارے

(کوئٹہ ۱۹۴۷ء)

پس منظر

یہ لٹن روڈ، یہ سر سبز چناروں کی قطار!
جیسے دو رویہ صف آرا ہوں عروسانِ بہار!
دور چلتن سے پرے، ڈوب رہا ہے سورج
تیرتی پھرتی ہے وادی میں سنہری جھنکار
تازہ پھولوں کے چھلکتے ہوئے پیمانوں سے
فرش گلکار اِدھر، عرش اُدھر ہے گلکار
پھول تو پھول ہیں، کانٹے بھی ہیں رنگیں اے دوست
سنگ ریزوں میں مچل اٹھتی ہے موجِ انوار

یہ تو منظر ہے مگر اے مرے ہمدم، مرے دوست!
تُو نے پامالیِ فطرت کو بھی دیکھا ہوتا
میں تو جب کہتا کہ ہاں، موسمِ گُل آیا ہے
جب پہاڑوں پہ بھی اس بات کا چرچا ہوتا
جب چٹانوں کا جگر توڑ کے بہتا پانی
آبشاروں کا لہکتا ہوا نغمہ ہوتا
"میوہ بازار" کی سڑکوں پہ وہ سونے والا
میوہ زاروں کی گھنی چھاؤں میں سویا ہوتا

ان چناروں کے حسیں سائے میں اکثر مجھ کو
ایک کُملایا ہوا پھول نظر آیا ہے
پھول! تخلیق کا شہکار! وہ بنتِ کہسار
جس کے جذبات کو قانون نے ٹھکرایا ہے
وہ بہاروں میں بھی پامال ہی رہنے والی
وادیِ شال کی رعنائی کا سرمایہ ہے
کتنے ہی پھول نگاہوں سے نہاں ہیں ایسے
جن پہ ایجادِ زمانہ نے ستم ڈھایا ہے

یہ ہوائیں، یہ فضائیں، یہ چناروں کی قطار!
جیسے دو رویہ صف آرا ہوں عروسانِ بہار
یہ تو منظر ہے مگر دیکھ کہ پس منظر میں
جیسے شرمندہ ہے اس موسمِ گُل کا فنکار!!

(کوئٹہ ۱۹۴۹ء)

برفباری سے پہلے

اگرچہ اب بھی چمن میں بھرے ہوئے ہیں سُبو
رُکا رُکا سا ہے فطرت کا اہتمامِ نمو

ٹھمک ٹھمک کے وہ شاخوں سے پھوٹنے والو!
مرے شریر شگوفو! کرو بھی فکرِ رفو
کہ اب نسیمِ سحر کا بدل رہا ہے چلن
مُکر رہا ہے تمہیں سے تمہارا یہ گلشن

چنار و سرو سمن پر ہے حُزن یوں طاری
بھرے شباب میں جیسے عروسِ نو پہ تھکن
قضا ہو جیسے چھپی زندگی کے پردے میں!

مرے حسین گلو! اب تمہارے شیشے میں
نظر فروزیٔ شبنم کا دور ختم ہوا
تمہارے خندۂ پیہم کا دور ختم ہوا
پناہ گاہوں میں سہمے ہوئے بسے ہیں آہو
کہ ایک نیند اچانک انہیں سلا دے گی
چھنک پڑیں گے فضائیں جو برف کے گھنگرو

(کوئٹہ ۱۹۵۲ء)

آئینے میں غلطاں غلطاں

صبح سویرے اٹھ کر جیسے کوئی چھڑائے مانگ کی افشاں،
شاداں، شاداں
ہنس ہنس جیسے کوئی دکھلائے اور چھپائے جلوۂ تاباں،
نازاں، نازاں
بزم میں جیسے ساقیٔ مہ وش سیمیں ساغر چھلکائے
تجلی چمکائے
صہبا برسے، مستی اُمڈے، اُمڈے اِک ایسا طوفاں
میخانہ بہہ جائے

دیکھ رہا ہوں چپکے چپکے — جھلمل جھلمل نظارے
عرش سے گرتے اُجلے اُجلے — رِم جھم رِم جھم مہ پارے
بوجھ سے جن کے کہساروں کے — شانے بھی تھک ہارے
عریاں عریاں شاخوں پر ہے سحر کسی کا سلسلہ جنباں
پیہم رقصاں
آئینے میں غلطاں غلطاں
آئینوں میں اُمڈا اُمڈا — جلوہ فطرت!
چار طرف ہے لہرایا سا — نغمۂ رحمت!
جیسے یزداں
چھیڑ رہا ہے ساز مستاں
ٹھہر ٹھہر اک تسلسل، سلجھا سلجھا خواب پریشاں!
دیدۂ و دل ہیں حیراں حیراں!!

خزاں سوز

شال کی وادیِ زرپاش میں مت آنے دو
چار ہی دن تو ہوئے ہیں کہ کِھلا ہے یہ چمن
چار ہی دن تو ہوئے ہیں کہ یہ پھولوں کے چراغ
شدّتِ گریۂ شبنم سے ہوئے ہیں روشن!

آج لیکن وہی منحوس، وہی سرد ہوا
اِن چراغوں کو بجھا دینے پر آمادہ ہے
آج پھر اے مرے فردوس! ترے دَر کے قریب
کُہر اک تیغ سنبھالے ہوئے استادہ ہے!

اِن فلک بوس پہاڑوں پہ بھروسہ نہ کرو
کُہر اور یخ کی جفاؤں کے مددگار ہیں یہ
راہ دے دیں گے، وہ درّانہ چلی آئیں گی
سرد و بے رحم ہواؤں کے وفادار ہیں یہ!!

مرے نوخیز گلو! تم ہی سنبھل کر رہنا
اس چمن زار کی تقدیسِ نمو تم سے ہے
کونپلو! بھول نہ جانا کہ ازل سے اب تک
میری رگ رگ میں رواں گرم لہو تم سے ہے

عصمتِ جذبۂ ہستی کی سپر بن جانا!
میری سوگند! اے خزاں سوز شرر بن جانا!

(کوئٹہ ۱۹۵۳ء)

نغمۂ صحرا

ساربان! اے ساربان!
اے امیرِ کارواں!
پاسبانِ آرزو!
زندگی کے، ترجماں!
زندگی کے ترجماں، تیز لے چل کارواں!
ساربان! اے ساربان!

دیکھ تارے کھِل گئے!
کھِل کے باہم مل گئے!
بن گئی راہِ سفر!
جگمگاتی کہکشاں!
جگمگاتی کہکشاں ہے تیز لے چل کارواں!
ساربان! اے ساربان!

دشت ہو یا کوہسار!
ہو بلا سے خار زار!
تیرا ہر نقشِ قدم
بوستاں در بوستاں
بوستاں در بوستاں، تیز لے چل کارواں!
ساربان! اے ساربان!

ہاں! ہمیں معلوم ہے
یہ حضر مذموم ہے
جو رکا وہ رہ گیا
جو بڑھا وہ شادماں!
جو بڑھا وہ شادماں، تیز لے چل کارواں!
ساربان! اے ساربان!

ہے یہی آنِ وجود
نوبہ نو شانِ وجود
نوبہ نو کہتے رہیں
کُن فکاں کی داستاں!

کُن فکاں کی داستاں، تیز لے چل کارواں!
ساربان! اے ساربان!

کُن اعطائے لم یزل!
کن ہے کیا عزم و عمل!
جذبۂ تسخیر ہے
کُن کی تفسیرِ نہاں!

کن کی تفسیرِ نہاں! آج ہم پر ہے عیاں
تیز لے چل کارواں! تیز لے چل کارواں!

(دکوٹہ سنہ ۱۹۵۳ء)

ذوقِ نمو

ہے رنگ فضا کا دلبرانہ
آیا ہے خمار کا زمانہ
شبنم نے ربابِ گُل پر
چھیڑا ہے بہار کا ترانہ

گلشن میں مچی ہوئی ہے ہلچل
ہر شاخ سے پھوٹتی ہے کونپل
